Hosakta hai keh is hadees mein pehle giroh se murad naiko kaar logon ka giroh, dusre giroh se murad wo log hon jinho ne naikiya bhi ki hongi aur buraiya bhi aur teesre giroh se murad kuffar ka giroh hon- Wallahu alam.

Aur Hazrat Anas bin malik(رضي الله عنه) bayan karte hai keh aik admi Rasool Allah(ﷺ) ki khidmat mein aaya aur kehene laga: Ae Allah kay Rasool! Kafiron ko unke chehron kay bal kaise jama' kiya jaega? Tou Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

((أَلَيْسَ الَّذِیْ أَمْشَاهُ عَلٰى رِجْلَيْهِ فِیْ الدُّنْيَا قَادِرًا عَلٰى أَنْ يُّمْشِيَهُ عَلٰى وَجْهِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ؟))

"Kiya wo zaat jisne usay duniya mein paun kay bal chalaaya wo usay qayamat kay roz chehre kay bal chalaanay par qadir nahi??

UTHNAY KAY BA'AD LOG KIS HAAL MEIN HONGAY

Jab kafiron ko unki qabron se hashar kay liye uthaaya jaega tou unki paanch halaten hongi:

1. Qabron se uthtay huay: Mukamil hawaas aur aazaa kay sath uthengay.

2. Hesab-o-kitaab ke liye jaate huay: Mukamil hawaas aur aazaa kay sath uthengay.

3. Hisab-o-kitaab kay dauraan: Mukamil hawaas aur aazaa kay sath uthengay.

Taham in teenon halaat mein se kisi aik ya do ya (hosakta hai keh) teenon mein wo basarat(dekhne) se mehrum hongay- Kyunkeh Allah Ta'aala ka farmaan hai:

﴿ وَمَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَإِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا. وَنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْمىٰ . قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِىْ أَعْمىٰ وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا. قَالَ كَذٰلِکَ أَتَتْکَ آيَاتُنَا فَنَسِيْتَهَا وَكَذٰلِکَ الْيَوْمَ تُنْسىٰ﴾

"Aur jo shakhs mere zikar se roogardaani karega wo duniya mein yaqeenan tang haal rahega aur roz-e-qayamat ham usay andha karkay uthaengay- Wo kahega: Ae mere Rab! Tu ne mjhe andha karkay kyun uthaaya hai? Duniya mein tou main khoob dekhne wala tha- Allah kahega: isi tarah tumhaare paas meri aayaatein ayin theen tou tum ne unhay bhuladiya tha aur usi tarah aj tum bhi bhuladiye jaougay."

[Surah Taahaa:20: 24-26]

4. Jahannum ki taraf jatay huay: unki sama'at, basarat aur queat-e-goyaee ko salab karliya jaega- yani wo andhay gungay aur baheray hongay- Issay maqsood unhay zaleel karna aur dusron ki nisbat unse imtiyaazi saluk karna hoga.

5. Jahannum mein dauraan-e-iqamat: jab unhay jahannum mein phenk diya jaega tou unkay hawaas unhay laoutadiye jaeyn gay taake wo jahannum ki aag aur uskay azaab ka mushahedah karsaken- Lehaza wo jahannum mein us halat mein rahengay keh wo boltay, Suntay, aur dekhtay hongay- Phir aik munadi elaan karega: tumhe hamesha kay liye jahannum mein rahena hai aur kabhi tum par maut nahi aegi- Tab unki quwat-e-sama'at unse salab karli jaegi aur hosakta hai keh basarat aur quwat goyaee bhi salab karli jaey lekin quwat-e-sama'at ka salab karliya jaana yaqeeni hai jaisa keh Allah Ta'aala ka irshad hai:

﴿ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّہُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ﴾

"Wo wahan (Jahannum mein) chilla raey hongay aur wahan kuch bhi na sun sakengay."

نشر الرسائل الدينية Islamic Messages Sharing

Jabke Hazrat Muawiya bin hairah (رضي الله عنه) bayan karte hai keh Rasool Allah(ﷺ) ne shaam ki taraf ishaara karte huay farmaaya:

((هٰهُنَا تُحْشَرُوْنَ، هٰهُنَا تُحْشَرُوْنَ، هٰهُنَا تُحْشَرُوْنَ رُكْبَانًا وَمُشَاةً، وَعَلٰى وُجُوْهِكُمْ ...تَأْتُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَعَلٰى أَفْوَاهِكُمُ الْفِدَامُ،أَوَّلُ مَا يُعْرِبُ عَنْ أَحَدِكُمْ فَخِذُهُ

"Tumhain idhar jama kiya jaega (Teen bar farmaaya) (Aur tumhaare teen giroh hongay): Sawaron ka giroh, Paidal chalnay walon ka giroh aur unka giroh jinhen ondhay muh ghasitaa jaega...aur jab tum Allah kay samne paish kiye jaogay tou tumhaare muh band kiye gae hongay (Yani unhay bolnay se mana'a kardiya jaega)...Aur sab se pehle tum mein se kisi aik baare mein iski raan bayan degi."

[*Ahmad*: 33/214; 20011]

LOGON KO NANGAY BADAN, NANGAY PAOU, AUR GHAIR MAKHTOON HALAT MEIN UTHAAYA JAEGA

Hazrat Ibn Abbas(رضی اللہ عن) se riwayat hai keh aik bar Rasool Allah(ﷺ) ham mein khaare huay aur hamain wa'az karte huay farmaaya:

"Ae logon! Tumhain Allah ki taraf nangay badan, nangay paou aur ghair makhtoon halat mein jama kiya jaega, phir Aap(ﷺ) ne ye ayat parhi:

(كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ)

"Jaisa keh hamne pehli martaba paida kiya tha usi tarah ham usay dobara loutaengay- Yeh hamare zimme wa'da hai aur ham usay zarur karkay hi rahengay."

Phir Aap(ﷺ) ne farmaaya: khabardaar! Qayamat kay roz logon mein sabse pehle Hazrat Ibrahim(علیہ السلام) ko libaas pehnaya jaega- aur khabardaar! Meri ummat kay kuch logon ko laya jaega, phir unhay baey taraf lejaya jaega- Main kahonga: Ae mere Rab! Ye tou mere saathi hain- Tou Allah Ta'aala farmaaega: Apko nahi maloom keh unho ne aap kay ba'ad (Deen mein) kiya kiya naey cheezein ijaad ki then."

Chunacha main bilkul usi tarah kahonga jaisa keh naik banday (Hazrat Isa(علیہ السلام)) ne kaha tha:

﴿وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِىْ كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ وَأَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ. إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴾

"Main unpar gawah raha jab tak unme raha, phir jab tu ne mjhe faut kardiya tou tu hi unpar mutla' raha aur tu har cheez ki poori khabar rakhta hai- Agar tu ne unko saza de tou ye tere banday hai aur agar tu unko mu'af farmaa de tou tu ghaalib hai aur hikmat wala hai."
Toh Kaha jaega: Jab se ap unse juda huay unho ne deen se muh modliya tha aur wo murtad hogae the."

[Surah Ma'idah:05: 117-118]

Aur Hazrat Ayesha(رضی اللہ عنہا) ka bayan hai keh main ne Rasool Allah(ﷺ) ko ye farmaate huay suna :

((يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا ، قُلْتُ : يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! اَلرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ جَمِيْعًا يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ؟ قَالَ : يَا عَائِشَةُ ! اَلْأَمْرُ أَشَدُّ مِنْ أَنْ يَنْظُرَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ))

"Qayamat kay din logon ko nangay paou, nangay badan aur ghair makhtoon halat mein jama kiya jaega."

Main ne kaha: Ae Allah kay Rasool! Mard aur aurten sab aikhatta hongay aur aik dusre ko dekh rahe hongay?

Aap(ﷺ) ne jawab diya: “Ae Ayesha! Is roz ka mu’amila aik dusre ki taraf dekhne se kahin ziyada sakht hoga.

[Sahih Bukhari: 6527]

Isi tarah Hazrat Ibn Abbas(رضي الله عنه) se riwayat hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:
:

((تُحْشَرُوْنَ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا،فَقَالَتِ امْرَأَةٌ :أَيَبْصُرُ بَعْضُنَا أَوْ يَرٰى بَعْضُنَا عَوْرَةَ بَعْضٍ؟ قَالَ : يَا فُلَانَةُ !{لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيْهِ }

Tumhain nangay paou, Nangay badan aur ghair makhtoon halat mein jama kiya jaega.”

Aik aurat ne kaha: kiya ham aik dusre ki sharmgaah ko dekhrahe hongay? Tou Aap(ﷺ) ne farmaaya: “Ae fulanah! Unme se har aik ko is din aisi fikar daman geer hogi jo uske liye kafi hogi.”

[Tirmidhi: 3332]

HAR AIK KO APNI FIKAR DAAMAN GEER HOGI

Allah Ta'aala ka farmaan hai:

﴿وَلَا يَسْأَلُ حَمِيمٌ حَمِيمًا. يُبَصَّرُونَهُمْ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ. وَصَاحِبَتِهِ وَأَخِيهِ. وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُؤْوِيهِ. وَمَنْ فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ يُنْجِيهِ. كَلَّا إِنَّهَا لَظَىٰ. نَزَّاعَةً لِّلشَّوَىٰ. تَدْعُو مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّىٰ . وَجَمَعَ فَأَوْعَىٰ﴾

"Aur koi dost kisi dost ko na poochega (Halakeh) wo aik dusre ko dikha diye jaengay- Mujrim chahega keh wo apne beton ko, apni biwiyon aur apnay bhaiyon ko, apnay kunbay ko jo usay panha deta tha aur roey zameen kay sab logon ko is din kay azaab kay badlay mein de de, phir wo (Apnay apko) najaat dila de- Magar hargiz aisa na hoga, Yaqeenan wo sho'lay waali aag hai jo muh aur sar ki khaal khench laane waali hai- wo har us shakhs ko pukaregi jo peechay hataa aur muh morta hai aur jama karkay sambhal rakhta hai."

[*Surah Mu'arij*:70: 10-18]

﴿فَإِذَا جَاءَتِ الصَّاخَّةُ . يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ . وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ. وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ . لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُّغْنِيهِ﴾

"Pus jab kaan beheray kardenay waali (Qayamat) aajaegi tou us din admi apnay bhai se, apni maa aur apnay baap se, apni biwi aur apni oulaad se dur bhagega- unme se har aik ko is din aisi fikar (daman geer) hogi jo usko dusri taraf mutawajjo na honay degi."

[*Surah Abbasa*:80: 33-37]

Isi tarah Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) bayan karte hai keh: Jab Allah Ta'aala ne yeh aayat utaari :

﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَالْأَقْرَبِيْنَ﴾

"Aur Apnay qareebi rishtedaaron ko daraou."
Tou Aap(ﷺ) ne farmaaya: "Ae Quresh ki jama'at! Tum apni jaanon ka sauda khud karlo(apnay anjaam ki fikar karlo) main tumhaare kisi kaam nahi aounga- Ae Bano Abd munaf! Main tumhaare kisi kaam nahi aounga- Ae Abbas bin Abdul muttalib! Main tumhaare kisi kaam nahi aounga- Ae safiya(Rasool Allah(ﷺ) ki phuppi) ! Main tumhaare kisi kaam nahi aounga- Aur Ae Fatima binte Muhammad(ﷺ)! Mere maal se jo chaho manglo (lekin is baat par yaqeen karlo keh) main tumhaare kisi kaam nahi aounga."

[Sahih Al Bukhari: 4771]

Is Hadees ki roshni mein ghaur farmaaeye ke jab khud Rasool Allah(ﷺ) qayamat kay roz apnay azizon hatta keh apni phuppi aur apni lakhte jigar kay kaam nahi aengay tou is din aur kaun kis kay kaam aasakega! Kiya ye hadees is baat ki daleel nahi keh is din insaan ka najaat dahenda mahez uska amal-e-swaleh hi hoga? Lehaza hamain amal-e-swaleh hi karna chaheye aur Amal-e-bad se ijtenaab karna chaheye- aur haan! Allah Ta'aala ki rehmat ka ummeed waar bhi hona chaheye aur uske sath hamain husn-e-zann hona chaheye keh wo mu'af karne wala hai aur raheem-o-kareem hai.

ROZ-E-QAYAMAT KA PASEENA

Hazrat Miqdad bin aswad(رضي الله عنه) bayan karte hai keh main ne Rasool Allah(ﷺ) se suna, Aap farmaarahe the:

((تُدْنَى الشَّمْسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الْخَلْقِ حَتّٰى تَكُوْنَ مِنْهُمْ كَمِقْدَارِ مِيْلٍ ـ قَالَ سليم بن عامر: مَا أَدْرِيْ مَا يَعْنِيْ بِالْمِيْلِ، أَمَسَافَةَ الْأَرْضِ أَوِ الْمِيْلَ الَّذِيْ تُكْحَلُ بِهِ الْعَيْنُ ـ قَالَ: فَيَكُوْنُ النَّاسُ عَلَى قَدْرِ أَعْمَالِهِمْ فِي الْعَرَقِ ، فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّكُوْنُ إِلٰى كَعْبَيْهِ، وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّكُوْنُ إِلٰى رُكْبَتَيْهِ ، وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّكُوْنُ إِلٰى حِقْوَيْهِ، وَمِنْهُمْ مَّنْ يُلْجِمُهُ الْعَرَقُ إِلْجَامًا، قَالَ: وَأَشَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلي الله عليه وسلم بِيَدِهِ إِلٰى فِيْهِ))

“Qayamat kay roz suraj ko makhluq kay qareeb kardiya jaega hatta keh wo unse aik meel kay faslay par rehjaega (Saleem bin amir kehte hain: main nahi janta keh meel se murad zameen ki musafat hai ya ussay murad wo meel (Silayi) hai jiske zariye ankh mein surma
Lagaya jaata hai! Phir Aap(ﷺ) ne farmaaya: logon mein se har aik apnay apnay amal kay mutabiq paseenay mein hoga- Unme se kisi ka paseena uske takhnou tak hoga, kisi ka paseena uske ghutnoun tak hoga, kisi ka paseena uski kokh tak hoga, aur Aap(ﷺ) ne apnay haath se apnay muh ki taraf ishaara karkay farmaaya keh) kisi ko uska paseena lagaam deraha hoga (yani uske muh tak hoga.)

[Sahih Muslim: 2864]

Isi tarah Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) bayan karte hai keh Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

((إِنَّ الْعَرَقَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَيَذْهَبُ فِي الْأَرْضِ سَبْعِيْنَ بَاعًا، وَإِنَّهُ لَيَبْلُغُ إِلٰى أَفْوَاهِ النَّاسِ أَوْآذَانِهِمْ)

“Qayamat kay din paseena zameen mein sattar(70) ba’a (yani donon haathon kay phailaou) tak jaega aur wo logon kay muh ya unkay kaanon tak pohanch raha hoga.”

[Sahih Al Bukhari: 6532]

Hazrat Ibn Umar(رضي الله عنه) se riwayat hai keh Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

((يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ ـ قَالَ : يَوْمٌ يَقُوْمُ أَحَدُهُمْ فِيْ رَشْحِهِ إِلٰى أَنْصَافِ أُذُنَيْهِ

“Jab log Rabbul Alameen kay liye khare hongay! Aap(ﷺ) ne farmaaya: is din unme se kisi ka paseena uske kaanon kay darmiyaan tak pohanch raha hoga.”

[Sahih Al Bukhari: 4938; 6531]

DAWAT-E-FIKAR O AMAL

Zara soncheye jab qayamat qayem hogi is din hamari halat kiya hogi! Wo din yaqeenan azeem hai jab aik maa apnay dudh peetay bachay ko bhula degi- Jab aik hamelah aurat ka hamal zaya hojaega - Jab log behoshi kay aalam mein hongay Aur unpar shadeed khouf o dehshat se najaat denay wali cheez mahez Allah Ta'aala ki ita'at o farmaabardari aur uski nafarmaani ko chordena hi hai- Iske alawah aur koi cheez issay najaat nahi dila sakhegi-

Aur jab aik dost apne dost ka haal tak nahi pochega- Aik rishtedaar ko dekhte huay bhi ussay dur bhagega- Jab kaanon ko behra kardenay wali qayamat qayem hogi aur jab har shakhs ko sirf apni fikar daman geer hogi hatta keh duniya mein jo shkahsiyaat isay pyar kiya karte then aur agar koi pareshaani aati tou wo usay apni aghosh mein leliya karti then aj wo bhi usay muh mod lengi aur aik mujrim

Ye chahega keh yaum-e-qayamat kay azaab se bachne ke liye wo apni oulaad ko, apni biwi ko, bahen bhaiyon ko aur apnay poore qabeelay ko hatta keh roe zameen kay tamam insaanon ko fidya kay taur par paish karden, lekin aisa hargiz nahi ho sakhega- is din ki aag aisi shadeed hogi keh gosht ko haddiyon se alaida kardalegi- us azaab se najaat dilaane waali cheez kaunsi hai? Yaqeenan wo Allah Ta'aala ki ita'at o farmaa bardaari aur uski nafarmaani chor dena hi hai-

Allah Ta'aala ka irshad hai:

﴿وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ إِلَى اللّٰهِ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَہُمْ لاَ يُظْلَمُوْنَ﴾

"Aur us din se daro jisme tum sab Allah Ta'aala ki taraf loutaey jaougay aur har shakhs ko uske aamaal ka poora poora badla diya jaega aur unpar zulm nahi kiya jaega."

[Surah Baqarah:02: 281]

US DIN KI SAKHTIYON AUR HOULNAAKIYOUN SE KIS TARAH BACHAA JASAKTA HAI?

Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) se riwayat hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

((مَنْ نَّفَّسَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً مِّنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰہُ عَنْہُ كُرْبَةً مِّنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ))

"Jo shakhs kisi ki duniyavi pareshaaniyon mein se aik pareshaani ko khatam karta hai Allah Ta'aala uski qayamat ki pareshaaniyon mein se aik pareshaani ko khatam kardega."

[Sahih Muslim: 2699]

Is hadees se maloom hua keh jo shakhs kisi musalmaan ki pareshaaniyon ko khatam karne mein uski madad karta hai Allah Ta'aala usay har pareshaani kay badlay mein qayamat ki pareshaani se mehfooz rakhega.

Jabke Hazrat Abu Masood(رضي الله عنه) ka bayan hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya: "tum se pehle logon mein se aik shakhs ka hisab liya gaya tou uske paas koi khair ka amal na mila sivae iske ke wo logon se maiyl jhoul rakhta tha aur apnay naukaron ko hukm diya karta tha keh wo tangdast par asaani karen- Tou Allah Ta'aala ne kaha: main is baat ka ziyada haq rakhta hon- Lehaza tum (Ae farishton!) mere banday ko mu'af kardo."

[Sahih Muslim: 1561]

Isi tarah Hazrat Abu Qatadah(رضي الله عنه) bayan karte hai keh: unho ne apnay aik maqrooz ko talab kiya tou wo kahin chup gaya- phir wo achanak mila tou kehene laga: Main tangdast hon aur qarza wapis karne ki taqat nahi rakhta- Main ne kaha: Kiya tum Allah ki qasam uthaakar kehete ho keh tum waqetan tangdast ho? Usne kaha : Haan- Tou main ne kaha: Main ne Rasool Allah(ﷺ) ko farmaate huay suna tha keh:

((مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُّنْجِيَہُ اللّٰہُ مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلْيُنَفِّسْ عَنْ مُّعْسِرٍأَوْ يَضَعْ عَنْہ))

"Jisko ye baat achi lagay keh Allah Ta'aala usay Qayamat ki pareshaaniyon se nijat dey de tou wo tangdast par asaani kare ya usay mu'af karday."

[Sahih Muslim: 1563]

نشر الرسائل الدينية
Islamic Messages Sharing

Aur Hazrat Huzaifah(رضي الله عنه) bayan karte hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne aik admi kay baare mein bataya keh usay maut ayi aur wo sidha jannat mein chalagaya- Ussay pocha gaya keh tu kiya amal karta tha? Tou usne khud yaad karkay jawab diya ya usay yaad karaya gaya keh: "Main logon se lain dain karta tha tou tangdast ko muhalat de deta tha aur wasooli mein darguzar kardiya karta tha- "Aap(ﷺ) ne farmaaya: "Chunacha usay bhi mu'af kardiya gaya. "Hazrat Abu Masood(رضي الله عنه) ne Hazrat Huzaifah(رضي الله عنه) se kaha : ye hadees tou main ne bhi Rasool Allah(ﷺ) se suni thi.

[Sahih Al Bukhari: 2391; 3451]

Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) se riwayat hai keh Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

"Saat(7) afraad aise hain jinhay Allah Ta'aala us din apnay (arsh kay) saye mein saya naseeb karega jabke us din uske saye kay alawah aur koi saya na hoga: Aadil hukmraan- aur wo naoujawaan jiski nasho wa numa Allah ki ibadat mein hui- aur wo shakhs jiska dil hamesha masajid se latka raha- aur wo do admi jinho ne Allah ki raza ke liye aik dusre se mohabbat ki, usi par ikhattay huay aur usi par juda huay- aur aik wo shakhs jisay kisi ohday daar aur khubsurat aurat ne burai ke liye bulaaya tou usne kaha: Main Allah se darta hon- Aur wo shakhs jisne khufiya taur par sadqa kiya hatta k uske baey haath ko bhi pata na chal saka ke uske daey haath ne kiya kharch kiya- Aur wo shakhs jisne khilwat mein Allah ko yaad kiya tou uski ankhon se ansu bahey niklay.

[Sahih Al Bukhari: 660; 1423]

Isi tarah Hazrat Ka'b bin Amr(رضي الله عنه) bayan karte hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne faramaaya:

مَنْ أَنْظَرَ مُعْسِرًا أَوْ وَضَعَ عَنْهُ أَظَلَّهُ اللّٰهُ فِىْ ظِلِّہٖ

"Jis shakhs ne kisi tangdast ko muhalat di ya usay mu'af kardiya Allah Ta'aala usay apnay saye mein saya naseeb karega."

MAQAAM-E-MEHMOOD...TAMAM AHL-E-MEHSHAR KAY LIYE SHAFA'AT

Ham yeh baat mukhtalif ahadees kay hawalay se pehle arz karchukay hai keh qayamat ka din bohat sakht aur intehaee lamba (Pachas hazaar saal kay baraber) hoga- Is din Suraj bohat hi qareeb hoga aur iski garmi se log paseenon se doob rahey hongay- Wo is din ki sakhtiyon se tang ajaengay aur is baat ki khwaahish ka izhaar karengay keh Allah Ta'aala unka hisab-o-kitaab shuru kare aur jald az jald unka faisla farmaaye- Chunacha wo mukhtalif Anbiyah kay paas is silsilay mein jaengay...Tafseeli waqiya:

Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) bayan karte hai keh aik din Rasool Allah(ﷺ) kay paas kuch gosht laya gaya (chunacha usay pakanay kay ba'ad) uske bazo ka gosht apki khidmat mein paish kiya gaya jo Aap(ﷺ) ko bohat pasand tha- Aap(ﷺ) ne danton ke sath gosht ko tor tor kar khaaya aur phir farmaaya:

"Main ne qayamat kay din logon ka sardar honga aur kiya tumhen pata hai keh aisa kis tarah hoga? Allah Ta'aala tamam logon ko aik khulay maidaan mein jama karega jahan aik munadi (pukarnay walay) ki awaaz ko sab sun sakaingay aur sabko baik nazar dekha jasakega- Suraj qareeb ajaega aur logon kay gham aur sadme ka yeh aalam hoga keh wo bebus hojaengay aur apni pareshaaniyon ko bardasht nahi karsakengay- Chunacha wo aik dusre se kahengay: kiya tum dekhte nahi keh ham sabki halat kiya horahi hai? Kiya tum dekhte nahi keh hamari pareshaani ka aalam kiya hai? Tou kiya tum kisi aise shakhs ko nahi dhondhte jo tumhaare Rab kay yahan tumhaare haq mein shafa'at kare? Phir wo aik dusre se kahengay: Chalo Adam(عليه السلام) kay paas chalte hain- phir unke paas jaakar unse kahengay:

Ae Adam(عليه السلام)! Aap hamare aur tamam insaanon kay baap hain, aapko Allah Ta'aala ne apne haath se paida kiya aur apme apni rooh se rooh phoonki- Aur usne farishton ko hukum diya tou wo apke samne sajda raiz hogae- Aap apne Rab kay yahan Shafa'at karen, kiya aap dekhte nahi kay hamari halat kiya horahi hai? Kiya aap dekhte nahi keh hamari pareshaani ka aalam kiya hai?

Hazrat Adam(عليه السلام) jawab dingay: Beshak mera Rab aj itna ghazab naak hai jitna pehle na tha aur na hi phir kabhi hoga- aur isne mjhe darakht kay qareeb janay se manaa kiya tha lekin main ne uski nafarmaani ki thi (Nafsi Nafsi) aj tou mjhe apni hi fikar lahiq hai, tum mere alawah wo kisi aur kay paas jaou- aur meri raey yeh hai keh tum Nooh(عليه السلام) kay paas chale jaou- Chunacha wo Nooh(عليه السلام) kay paas jaengay aur unse kahengay:

Ae Nooh(عليه السلام) ! Aap Zameen par Allah kay pehle Rasool the aur Apko Allah Ta'aala ne shukr guzaar banda qarar diya- Aap apne Rab kay yahan Shafa'at karen, kiya aap dekhte nahi kay hamari halat kiya horahi hai? Kiya aap dekhte nahi keh hamari pareshaani ka aalam kiya hai?

Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya Main chal paronga aur arsh kay neeche aakar apnay Rab kay samne sajda raiz hojaounga- Phir Allah Ta'aala mjhe Sharhe Sadar ata karega aur mjhe apni Hamd o sana kay aise aise alfaaz ilhaam karega jo mjhse pehle kisi par usne ilhaam nahi kiye thay- phir kahega:

(يَا مُحَمَّدُ ! اِرْفَعْ رَأْسَکَ ، سَلْ تُعْطَهْ ، اِشْفَعْ تُشَفَّعْ)

Ae Muhammad! Apna sar uthaaou aur sawal karo Aap ka mutalebah poora kiya jaega- Aur Aap Shafa'at karen apki Shafa'at qubool ki jaegi-
Chunacha main apna sar uthaaonga aur kahoonga: Ya Rabbi Ummati Ummati : Ae mere Rab! Meri Ummat (ko mu'af karden) meri Ummat (ko jahannum se bachalay)
Kaha jaega:

(أَدْخِلِ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِکَ مَنْ لَا حِسَابَ عَلَيْهِ مِنَ الْبَابِ الْأَيْمَنِ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ وَہُمْ شُرَكَاءُ النَّاسِ فِيْمَا سِوَى ذٰلِکَ مِنَ الْأَبْوَابِ)

Ae Muhammad ! Apni Ummat kay har us shakhs ko jo hesab o kitaab se mustasnaa hai jannat kay daey darwazay se jannat mein dakhil karden- ye log jannat kay baaqi darwazou se jaanay ke bhi majaaz hongay.

Us zaat ki qasam jiske haath mein meri jaan hai! Beshak Jannat kay har do kiwadon kay darmiyaan itna fasla hoga jitna makkah mukarramah aur basra kay darmiyaan hai."
(Bukhari ki riwayat mein makkah mukarramah aur hameer ka zikar hai.)

[Sahih Al Bukhari: 3340; 3361; Sahih. muslim: 194]

Aur Hazrat Ibn Umar(رضي الله عنه) se riwayat hai keh "log qayamat kay din ghutnon kay bal kare huey hongay, Har ummat apne Nabi kay peeche jaegi aur kahegi: Ae fulah sifarish karen yahan tak ke Shafa'at ke liye Hazrat Muhammad (ﷺ) se kaha jaega- aur yehi wo din hai jab Allah Ta'aala Aap(ﷺ) ko maqam-e-mehmood par qayem karega."

[Sahih Al Bukhari: 4718]

aur kitne amal aise hongay jinkay bare mein apke wahaim o guman mein bhi ye baat na thi keh ye qayamat kay din mere samnay ajaengay- Haye is duniya ki hasrat o pashay maani aur haye is din ki nadamat o sharmindagi!!

Hazrat Ibn Umar(رضي الله عنه) se riwayat hai keh Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya: Roz-e-qayamat Allah Ta'aala momin ko apnay qareeb karega, phir usay dusray logon ki nazron se oujhal karkay uske gunaahon ka ussay aiteraf karwaega aur kehega: Kiya tum (fulah ghunah) ko jantay ho? Wo kehega: Haan ae mere Rab mein janta hon- phir Allah Ta'aala kehega: main ne tumhaare gunaahon par duniya mein bhi parda daldiya tha aur aj bhi unhay mu'af kar raha hon- phir usay uski naikiyon ka nama aamaal diya jaega- Rahe kuffar aur munafiq tou unhay tamam logon kay samne pukara jaega aur kaha jaega:ye hai wo log jinho ne Allah Ta'aala par jhoot bandha tha.

[Sahih Al Bukhari: 2441; 6070]

Isi tarah Hazrat Abu zar (رضي الله عنه) bayan karte hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

"......Roz-e-qayamat aik shakhs ko laya jaega aur (uske bare mein farsihton se) kaha jaega: ispar uske chote chote gunahon ko paish karo aur iske bare bare gunaahon ko (abhi) zahir na karo. Phir us par uske chote gunaahon ko paish kiya jaega aur ussay kaha jaega: tum ne fulah din fulah amal kiya tha- wo apnay un gunaahon ka iqrar karega aur inkaar nahi karsakega aur apnay baray baray gunaahon se dar raha hoga keh abhi wo bhi paish kiye jaengay lekin ussay kaha jaega: tumhaare liye har burai kay badlay aik naiki hai- Tou wo kehega: Ae mere Rab! Main ne kae aur gunaah bhi kiye the jo mjhe yahan nazar nahi aarahe hai?
Rawa hadees ka bayan hai keh Yeh baat karkay Rasool Allah(ﷺ) hasne lagay yahan tak keh apki (Mubarak) daarhein nazar aane lagain.
[Sahih Muslim: 190]

Is Hadees se maloom hua keh Allah Ta'aala apnay kaey bandon kay gunaahon par parda daldega aur unhay apne khaas fazal o karam se jannat mein dakhil kardega- iski taeed is hadees se bhi hoti hai:

لَا يَسْتُرُ اللّٰہُ عَلٰى عَبْدٍ فِىْ الدُّنْيَا إِلَّا سَتَرَ هُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
"Allah Ta'aala agar apnay kisi banday par duniya mein parda dalta hai tou uski qayamat ke din bhi parda daldega."
[Sahih Muslim: 2590]

Dusri riwayat mein hai keh:
مَنْ سَتَرَ عَلٰى مُسْلِمٍ عَوْرَتَہ،سَتَرَ اللّٰہُ عَوْرَتَہُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
"Jo shakhs kisi musalmaan kay a'aib pe parda dalta hai (tou) Allah Ta'aala youm-e-qayamat ko uske aebon par parda daldega."
[Sahih Muslim: 2699]

YOUM-E-QAYAMAT HISAAB KA DIN HAI

Allah Ta'aala Qur'an-e-majeed mein farmaata hain:

اِقْرَاْ كِتَابَکَ كَفٰى بِنَفْسِکَ الْيَوْمَ عَلَيْکَ حَسِيْبًا

"Le khud apni kitaab ap hi parhle- Aj tou tu khud apne aap hi hisab lenay ko kaafi hai."
[Surah Bani Israeel:17: 14]

Hazrat Ali(رضي الله عنه) kay mutalliq riwayat hai keh unse poocha gaya keh Allah Ta'aala poori makhlooq ka muhaseba kis tarah karega? Tou unho ne kaha: Jaise un sabko aik subah mein rizq ata karta hai usi tarah unka muhaseba bhi aik hi ghari mein karlega.

Aur Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) se riwayat hai keh: Kuch logon ne Rasool Allah(ﷺ) se poocha ke kiya ham qayamat kay roz apne Rab ko dekh sakengay? Aap(ﷺ)ne farmaaya: " Jis dopaher ko asmaan par koi badal na ho kiya usme tumhain suraj ko dekhne mein koi shak-o-shuba hota hai? unho ne kaha : Nahi.

Aap(ﷺ) ne farmaaya: "Aur jis chowdhvi raat ko asmaan par badal na hon kiya usme tumhain chand ko dekhne mein koi shak-o-shuba hota hai? "Unho ne kaha: Nahi-

Aap(ﷺ) ne farmaaya: "Us zaat ki qasam jiske haath mein meri jaan hai! Usi tarah tumhain apnay Rab ko dekhne mein bhi kisi qisam ka shak-o-shuba nahi hoga."

Phir Aap(ﷺ) ne farmaaya: "Banda Allah Ta'aala se milega tou wo kahega: Ae mere banday! Bataou kiya main ne tumhain izzat nahi di thi? kiya tumhain Siyadat (Apni qoum ki sardaari) ata nahi ki thi? Kiya tumhain biwi enaayat nahi ki thi aur ghode aur ount tumhaare taab'e nahi kiye the? Aur main ne tumhain dheel nahi de rakhi ke tum apni qoum ki sardaari karlo aur khoob khaa pee lo aur a'aish karlo? Banda kehega: kyun nahi- Allah Ta'aala kahega : tou kiya tumne kabhi yaqeen kiya tha keh tum mjhse milnay walay ho? Wo kehega: Nahi- Tou Allah Ta'aala farmaaega: Aj main bhi tumhen bhula raha hon jaise keh tum ne mjhe bhuladiya tha-

Phir dusra banda aega tou Allah Ta'aala usay bhi waise hi kahega jaise pehle shakhs ko kaha tha-

Phir teesra shakhs aega tou Allah Ta'aala usay bhi waise hi kehega jaise pehle dono ko kaha tha- Ye teesra shakhs jawab dega: Ae mere Rab! Main tujh par aur teri kitaab par aur tere Rasoolon par imaan laya tha, Namaz parhta tha, Sadqa deta tha, Rozay rakhta tha aur wo apni tareef jahan tak karsakega -
Allah Ta'aala kahega tab tum yahan thair jaou (Aj tumse poora poora hisab liya jaega) phir Allah Ta'aala kehega: Ab ham tujhpar gawaahi qayem karengay- tou wo banda apnay dil mein kqhega keh akhir wo kaun hoga jo mere khilaf gawaahi dega?

Allah Ta'aala uske muh par mohar laga dega aur uski raan se kaha jaega: Bolo- tou uski raan, uska gosht aur uski haddiyan uske aamaal kay baare mein bolengi taake uske paas koi uzr baaqi na rahe- Yeh shakhs munafiq hoga jisay Allah Ta'aala ki narazgi ka samna hoga.

[Sahih Muslim: 2968]

Is hadees se sabit hota hai keh qqyamat kay roz insaan kay aaza'a mein se sabse pehle uski raan uske khilaaf gawaahi degi- Yeh usay Zaleel-o-ruswa karne ke liye hoga kyunkeh wo duniya mein khullam khula buraiya Karta tha, isliye Allah Ta'aala bhi usay ruswa karkay chordega.

YOUM-E-QIYAMAT: BAAZ PARS KA DIN HAI

Hazrat Ibn Umar(رضي الله عنه) se riwayat hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

((أَلَا كُلُّكُم رَاعٍ وَكُلُّكُم مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِہٖ ، فَالْأَمِيْرُ الَّذِیْ عَلَی النَّاسِ رَاعٍ وَمَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِہٖ ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰی أَہْلِ بَيْتِہٖ وَہُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْہُمْ ، وَالْمَرْأَۃُ رَاعِيَۃٌ عَلٰی بَيْتِ زَوْجِہَا وَہِیَ مَسْؤُوْلَۃٌ عَنْہُ ، وَالْعَبْدُ رَاعٍ عَلٰی مَالِ سَيِّدِہٖ وَہُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْہُ ، أَلَا فَكُلُّكُم رَاعٍ وَمَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِہٖ))

“khabardaar! Tum mein se har aik zimmedar hai aur tum me se har aik se uski zimmedari kay mutalliq sawal kiya jaega- Pas jis shakhs ko logon ka ameer(hukmraan) banaya gaya us say uski raeeya kay mutalliq sawal kiya jaega- Aur mard apnay ghar waalon ka zimmdaar hota hai tou ussay bhi unke mutalliq sawal kiya jaega- aur Aurat apne khaawind kay ghar ki zimmdar hoti hai so ussay bhi uske baare mein pooch gooch ki jaegi. Aur ghulam apnay aaqaa kay maal ka zemedar hota hai isliye ussay bhi iske bare mein suwaal kiya jaega- Khabardaar! Tum mein se har aik zimmdar hai aur uski zimmdari kay mutalliq ussay sawal kiya jaega.”

[*Sahih Al Bukhari* : 2554; 5188; 5200]

SAWAL KIS CHEEZ KAY MUTALLIQ HOGA:

Allah Ta’aala ka farmaan hai:

﴿ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ﴾

“Phir us din tum se zarur bil zarur nematon Kay muta’lliq sawal hoga.”
[Surah Takasur:102: 08]

Allah Ta’aala ki nematein beshumar hain aur unke muta’lliq sawal se murad ye hai keh insaan se ye poocha jaega keh tum ne in nematon ko Allah Ta’aala ki Raza mein khapaaya tha ya nahi ya uski nafarmaaniyon mein zaya kardiya tha? Aur jisne tumhain ye nematein ata ki theen tumne Usi Kay hukum Kay mutabiq zindagi Basar ki thi ya manmaani ki thi? Aur kiya tum ne in nematon par Allah Ta’aala ka shukr ada karte huay uski ita’at ki thi ya uski ma’asiyat(nafarmaani)?

Rasool Allah(ﷺ) ka irshad hai:

(إِنَّ أَوَّلَ مَا يُسْأَلُ عَنْہُ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَۃِ مِنَ النَّعِيمِ أَنْ يُّقَالَ لَہُ : أَلَمْ نُصِحَّ لَکَ جِسْمَکَ؟ وَنُرْوِيْکَ مِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ)

“Beshak Bande se qayamat Kay din nematon mein se sabse pehle is nemat ka sawal kiya jaega keh kiya hamne tumhain tandrusti nahi di thi? Aur kiya hamne tumhain thanday paani se seraab nahi kiya tha?”

[*Tirmidhi*: 3358]

Aur Hazrat Abu Barza Al al aslami(رضي الله عنه) se riwayat hai keh: Nabi Kareem(ﷺ) ne farmaaya:

((لَا تَزُوْلُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَ أَفْنَاهُ،وَعَنْ عِلْمِهٖ فِيْمَفَعَلَ،وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ أَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَ أَنْفَقَهٗ،وَعَنْ جِسْمِهٖ فِيْمَ أَبْلَاهُ

“Qayamat Kay din banday ke qadam nahi hil sakengay yahan tak keh ussay sawal kiya jaega keh usne zindagi kaise guzari? Ilm par kitna amal kiya? Maal kahan se kamaya aur kahan kharch kiya aur jism kis cheez mein khapaaya?’

[*Tirmidhi*: 2417]

Aur Hazrat Abdullah bin Masood(رضي الله عنه) se riwayat hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

((لَا تَزُوْلُ قَدَمَا ابْنِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ عِنْدِ رَبِّهٖ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ خَمْسٍ : عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَ أَفْنَاهُ،وَعَنْ شَبَابِهٖ فِيْمَ أَبْلَاهُ،وَ مَالِهٖ مِنْ أَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَ أَنْفَقَهٗ ، وَ مَاذَا عَمِلَ فِيْمَا عَلِمَ))

“Qayamat Kay din panch(5) cheezon kay bare mai sawalaat se pehle kisi Banday Kay qadam apnay Rabb Kay paas se hil nahi sakengay :

1. Umar ke baare mai ke usne kese guzari?

2. Jawaani Kay bare mein ke usne usay kis cheez mein khapaaya?

3. Maal Kay bare mein keh usne usay kahan se kamaya aur kaha par kharch kiya?

4. Aur ilm Kay bare mein Ke usne uspar kitna amal kiya?”

YOUM-E-QAYAMAT… FAIYSLAY KA DIN HAI

Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) se riwayat hai keh : Rasool Allah (ﷺ) ne farmaaya:

((مَا مِنْ صَاحِبِ ذَہَبٍ وَلَا فِضَّةٍ لَا يُؤَدِّیْ مِنْهَا حَقَّهَا إِلَّا إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ صُفِّحَتْ لَہٗ صَفَائِحُ مِنْ نَّارٍ ، فَأُحْمِیَ عَلَيْهَا فِیْ نَارِ جَہَنَّمَ فَيُكْوٰی بِهَا جَنْبُہٗ وَجَبِيْنُہٗ وَظَہْرُہٗ ، كُلَّمَا بَرَدَتْ أُعِيْدَتْ لَہٗ فِیْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُہٗ خَمْسِيْنَ أَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰی يُقْضٰی بَيْنَ الْعِبَادِ))

“Jis shakhs kay paas sona chandi ho aur wo uska haq (Zakat) ada na karta ho, Qayamat kay din uske liye aag ki takhtiyaan banaey jaengi jinhay jahannum ki aag mein garam kiya jaega, phir unke sath uske pehelo, uski paishaani aur peet ko daaga jaega- jab wo takhtiyaan thandi hojaengi tou unhay dubara garam kiya jaega aur phir usay daaga jaega- aur Jab tak bandon kay darmiyaan faisla nahi kardiya jaega uske sath ye saluk bad satur jaari rahega jabke wo din pachaas hazar saal kay baraber hoga.”

Lehaza mere bhaiyon! Allah Ta’aala ki farmaabardaari aur ita’at kiya karo taake aap roz-e-qayamat ki pashaymaaniyon aur nadamaton se bach sake- aur taake aap ko apka Nama A’amaal daey haath mein pakraya jae aur aap kamyaabi paane walon mein se hojaey aur Allah Ta’aala ki nafarmaaniyon se parhez kiya karo taake aapko apka nama a’amaal baey haath mein na pakraya jae aur phir Aap Nouzbillah khasaara paane walon mein se hojaen- Allah Ta’aala hamain duniya aur Akhirat mein apni raza naseeb farmaaye.

ALLAH TA'AALA APNAY BANDON SE GUFTAGO KAREGA AUR DONON KAY DARMIYAAN KOI TARJUMAAN NAHI HOGA

Hazrat Adi bin hatim(رضي الله عنه) se riwayat hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا سَيُكَلِّمُهُ اللهُ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ تُرْجُمَانٌ فَيَنْظُرُ أَيْمَنَ مِنْهُ فَلَايَرىٰ إِلَّا مَا قَدَّمَ،وَيَنْظُرُ أَشْأَمَ مِنْهُ فَلَايَرىٰ إِلَّا مَا قَدَّمَ،وَيَنْظُرُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَلَايَرىٰ إِلَّا النَّارَ تِلْقَاءَ وَجْهِهِ،فَاتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ ۔ وفى رواية : وَلَوْ بِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ

"Allah Ta'aala tum me se har shakhs se anqareeb ham kalam hoga aur dono kay darmiyaan koi tarjumaan nahi hoga- Jab wo apni Daey janib dekhega tou usay apne amal hi nazar aengay aur apni baey janib dekhega tou udhaar bhi usay apne hi amal nazar aengay- aur apne samne dekhega tou usay jahannum nazar aegi- Lehaza tum jahannum se bacho agarchay khajoor ke adha hisse ka sadqa karkay hi-
"Dusri riwayat mein hai: Agarchay aik achi baat keh kar hi."

[Sahih Bukhari: 6539]

Lehaza aqalmand insaan wo hai jo us duniya ki tayyari karta hai aur uske liye naikiyon ka zad-e-raah duniya hi se leleta hai kyunkeh wahan dinar o dirham kaam na aengay- aur jis shakhs ki naikiyon ka wazan tarazoo mein ziyada hoga wo aik pasandeedah zindagi guzarega- aur jiski buraiyon ka wazan ziyada hoga uska thikana jahannum hoga-

<u>*Waliyaaz billah.*</u>

QAYAMAT KAY DIN LOGON KAY DARMIYAAN QASAS

Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) se riwayat hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

((لَتُؤَدُّنَّ الْحُقُوقَ إِلَى أَهْلِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يُقَادَ لِلشَّاةِ الْجَلْحَاءِ مِنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ))

“Tum qayamat kay roz haq walon kay huqooq zarur bil zarur ada karogay yahan tak keh seeng waali bakri se baghair seeng waali bakri ka badla bhi liya jaega.”

[Sahih Muslim: 2582]

Isi tarah Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) hi bayan karte hai keh Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

((مَنْ كَانَتْ عِنْدَهُ مَظْلَمَةٌ لِأَخِيهِ مِنْ عِرْضِهِ أَوْ شَيْءٍ فَلْيَتَحَلَّلْهُ مِنْهُ الْيَوْمَ قَبْلَ أَنْ لَا يَكُونَ دِينَارٌ وَلَا دِرْهَمٌ ، وَإِنْ كَانَ لَهُ عَمَلٌ صَالِحٌ أُخِذَ مِنْهُ بِقَدْرِ مَظْلَمَتِهِ،وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ سَيِّئَاتِ صَاحِبِهِ فَحُمِلَ عَلَيْهِ

“Jis kisi kay paas uske bhai ka haq ho uski izzat se ya kisi aur cheez se “to wo aj hi isay azad hojaey (yani ya tou wo haq usay ada karden ya usay ussay mu’aaf karealen.) Us din kay aane se pehle jab na dinaar hoga na dirham- aur agar uske paas naik aamaal hongay tou uske haq kay baqadr usay naik aamaal leliye jaengay- aur agar nakiyan nahi hongi tou sahab-e-haq ki ba’az buraiya lekar uspar daldi jaengi.

[Sahih Al Bukhari: 2449; 6539]

HUQOOQ UL IBAAD KAY BAARE MEIN POOCH GOOCH

Hazrat Abu Hurerah(رضي اللّٰه عنه) se riwayat hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaye:

(أَتَدْرُوْنَ مَا الْمُفْلِسُ ؟))

"Kiya tum jantay ho keh muflis kaun hota hai?

Sahaba Kiraam(رضى الله عنهم) ne jawab diya:

(اَلْمُفْلِسُ فِيْنَا مَنْ لَّا دِرْہَمَ لَہٗ وَلَا مَتَاعَ))

"Ham mein muflis wo hai jiske paas na dirham ho aur na koi aur saaz o saman."

Aap(ﷺ) ne farmaaya:

((إِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ أُمَّتِیْ یَأْتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ بِصَلَاۃٍ وَصِیَامٍ وَزَکَاۃٍ،وَیَأْتِیْ قَدْ شَتَمَ ہٰذَا،وَقَذَفَ ہٰذَا،وَأَکَلَ مَالَ ہٰذَا،وَسَفَکَ دَمَ ہٰذَا ، وَضَرَبَ ہٰذَا، فَیُعْطٰی ہٰذَا مِن حَسَنَاتِہٖ، وَہٰذَا مِنْ حَسَنَاتِہٖ، فَإِنْ فَنِیَتْ حَسَنَاتُہٗ قَبْلَ أَنْ یُقْضٰی مَا عَلَیْہِ،أُخِذَ مِنْ خَطَایَاہُمْ فَطُرِحَتْ عَلَیْہِ، ثُمَّ طُرِحَ فِیْ النَّارِ)

"Meri ummat mein muflis wo hai jo qayamat kay din namaz, rozay aur zakat lekar aega aur usne kisi ka maal khaaliya hoga, kisi ka khoon bahaya hoga aur kisi ko maara hoga- lihaza unme se har aik ko uske haq kay baqadar uski naikiyaan di jaengi- aur agar unke huqooq poore hone se pehle uski naikiyaan khatam hongain tou unke gunaah lekar uski gardaan mein daldiye jaengay aur phir usay jahannum raseed kardiya jaega."

[Sahih Muslim: 2581]

Isi tarah Hazrat Ibn Umar(رضي اللّٰه عنه) se riwayat hai keh Rasool Allah(ﷺ) farmaaye:

مَنْ مَاتَ وَعَلَیْہِ دِیْنَارٌ أَوْ دِرْہَمٌ قُضِیَ مِنْ حَسَنَاتِہٖ ، لَیْسَ ثَمَّ دِیْنَارٌ وَلَا دِرْہَمٌ

"Jo shakhs is halat mein margaya keh uspar kisi kay dinaar aur dirham the tou (Qayamat kay roz) uski naikiyon se uska haq ada kiya jaega kyunkeh wahan dinaar aur dirham nahi hongay."

[Ibn Majah: 2414]

نشر الرسائل الدينية
Islamic Messages Sharing

ZARA GHAUR FARMAYE KAY Is daur mein kayee log 'logon ki izzatoun ko khilona banakar aur unke maaal lout kar kitne khush o khurram reh rahe hain jabkeh Qayamat kay roz unki hasrat o nadamat ki intehaa hogi jab zalim-o-mazloom sab Allah Ta'aala ki adalat insaaf mein khaare hongay aur Allah Ta'aala zaalimon ki naikiya lekar mazloomon mein baant dega- Agar unke yahan naikiya nahi hongi ya hongi magar poori nahi hongi tou Allah Ta'aala mazloomon kay gunaah lekar unki gardaanon mein daldega! Isliye Hazrat Umar(رضي الله عنه) kaha karte the:

(حَاسِبُوْا أَنْفُسَكُمْ قَبْلَ أَنْ تُحَاسَبُوْا،وَزِنُوْہَا قَبْلَ أَنْ تُوْزَنُوْا)

"Tum apna muhasiba khud hi karlo ussay pehle keh tumhaara muhasiba kiya jaey- aur Apne apko khud hi toul lo ussay pehle keh tumhain toula jaey."

[إغاثة اللهفان لابن القيم :ص94]

Yahan muhasiba se murad yeh hai keh Aj hi tawba karlo aur Allah Ta'aala kay huqooq ki adaeegi ke sath sath bandon kay huqooq bhi poore karlo.

ROZ-E-QAYAMAT KI HOULNAAKIYAAN(2)

☆ **SABSE PEHLE KIS UMMAT KA HISAB HOGA:**

☆ **SABSE PEHLE KIN AAMAAL KA HISAB HOGA:**

☆ **ALLAH TA'AALA KI ADAALAT-E-INSAAF MEIN MUKHTALIF GAWAAHON KI GAWAAHIYAAN:**

☆ **MUKHTALIF GUNAAHON KI SAZA:**

☆ **HOUZ-E-KAUSAR:**

☆ **MEEZAN:**

☆ **POOL SIRAAT:**

☆ **SHAFA'AT:**

☆**DAWAT-E-FIKAR-O-AMAL:**

SABSE PEHLE UMMAT-E-MUHAMMAD (ﷺ) KA HISAB HOGA

Hazrat Ibn Abbas(رضی اللہ تعالی عنہما) se riwayat hai keh Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

(نَحْنُ آخِرُ الْأُمَمِ وَأَوَّلُ مَنْ يُّحَاسَبُ، يُقَالُ:أَيْنَ الْأُمَّةُ الْأُمِّيَّةُ وَنَبِيُّهَا؟ فَنَحْنُ الْآخِرُوْنَ الْأَوَّلُوْنَ))

"Ham ummaton mein akhri ummat hain lekin hisab sabse pehle hamari ummat ka hoga- Kaha jaega: Kahan hai ummi ummat aur iska Nabi? Tou agarchay ham akhri hain lekin (Roz-e-qayamat) sabse aage hongay."

[Ibn Majah: 4290]

Dusri riwayat mein hai keh Aap(ﷺ) ne farmaaya:

فَتَفَرَّجُ لَنَا الْأُمَمُ عَنْ طَرِيْقِنَا ، فَنَمْضِیْ غُرًّا مُّحَجَّلِيْنَ مِنْ آثَارِ الْوَضُوْئِ، فَتَقَوْلُ الْأُمَمُ: كَادَتْ هٰذِهِ الْأُمَّةُ أَنْ تَكُوْنَ أَنْبِيَائَ كُلَّهَا)

"Ummatien hamare raste se hatjaengi, lehaza ham aage barh jaengay aur wudu kay nishaanaat ki wajah se hamare haath paou chamak rahe hongay- chunacha ummatein kehengi: Qareeb tha keh is ummat kay tamam log anbiya hotay."

[Musnad Ahmad: 2546; 4/330]

SABSE PEHLE JIN AAMAAL KA HISAB LIYA JAEGA

Hazrat Abdullah bin Masood(رضي الله عنه) se riwayat hai keh : Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

أَوَّلُ مَا يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِیْ الدِّمَائِ

"Logon kay darmiyaan roz-e-qayamat sabse pehle khoonoun ka faisla kiya jaega."

[Sahih Al Bukhari: 6533]

Hazrat Ali bin Abu Talib(رضي الله عنه) se riwayat hai keh unho ne kaha:

أَنَا أَوَّلُ مَنْ يَجْثُوْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بَيْنَ يَدَيِ الرَّحْمٰنِ لِلْخُصُوْمَةِ

"Main qayamat kay din sabse pehla shakhs honga jo khusoomat kay liye Rehmaan kay samne Dozaanon hokar baithonga."

[Sahih Al Bukhari: 3965]

Issay unki murad ye hai keh wo aur unke do rafeeqa jinho ne Jung-e-Badar kay aaghaaz mein teen mushrikeen se mubaraza kiya tha aur unhay shikast se do chaar kiya tha, Qayamat kay roz Allah Ta'aala ki aadaalat mein sabse pehle unkay darmiyaan faisla kiya jaega.

Jabke Abdullah bin Masood(رضي الله عنه) bayan karte hain keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya :

أَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِہٖ الْعَبْدُ:الصَّلَاةُ،وَأَوَّلُ مَا يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ:فِیْ الدِّمَائِ

"Sabse pehle banday se namaz ka hosab liya jaega- aur logon kay darmiyaan roz-e-qayamat sabse pehle khoonoun ka faisla kiya jaega."

[Sunan Nasai: 3991]

In ahadees kay mutalliq Ulema-e-kiraam ka kehna hai keh qayamat kay roz Ibaadaat mein sabse pehle Namaz aur mu'amilat mein sabse pehle Khoon ka hisab hoga- Issay aap is baat ka andaza karsakte hain keh ibaadaat mein namaz kis qadar ahem hai! isi liye
Rasool Allah(ﷺ) ne Namaz ko deen ka sutoon qarar diya-

aur *Banda momin aur kufr kay darmiyaan farq karnay waali cheez bhi yehi namaz hai.

*Qur'an-e-majeed aur ahadees-e-Nabawi mein namaz ki bar bar takeed ki gaey hai-

*Balke Rasool Allah(ﷺ) ne apne inteqal se kuch lamhat pehle sabse akhri wasiyat yehi ki keh :

(اَلصَّلَاةَ الصَّلَاةَ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ)

“Logon ! Namaz ka khayal rakhna aur apnay maa tahait logon kay huqooq ko ada karna.”

Isliye ham sabko panchon(5) farz namazon ki pabandi karni chaheye aur is silsilay mein kisi qisam ki ghaflat ya susti nahi karni chaheye.

Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) ka bayan hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne bayan farmaaya hai keh:

(إِنَّ أَوَّلَ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ عَمَلِهِ الصَّلَاةُ،فَإِنْ صَلُحَتْ فَقَدْ أَفْلَحَ وَأَنْجَحَ،وَإِنْ فَسَدَتْ فَقَدْ خَابَ وَخَسِرَ،وَإِنِ انْتَقَصَ مِنْ فَرِيْضَةٍ قَالَ الرَّبُّ : أُنْظُرُوْا بَلْ لِعَبْدِیْ مِنْ تَطَوُّعٍ؟ فَيُكْمَلُ بِهَا مَا انْتَقَصَ مِنَ الْفَرِيْضَةِ ، ثُمَّ يَكُوْنُ سَائِرُ عَمَلِهِ عَلٰى ذٰلِکَ)

“Beshak Roz-e-qayamat banday kay aamaal mein sabse pehle Namaz ka hisab liya jaega- Agar hisab mein namaz theek nikli to wo kamyaab-o-kamraan hoga- aur agar namaz fasid nikli tou wo zaleel aur khasaara paane wala hoga- aur agar farz namaz mein koi nuqs paya gaya tou Allah Ta’aala kahega: Dekho! Kiya mere banday ne koi nafil namaz parhi thi? Chunacha nafil kay zariye farz namazon ka nuqs poora kardiya jaega- phir tamam aamaal ka hisab isi tarah liya jaega.”

[Tirmidhi; Sahih Jamia: 2020]

ALLAH TA'AALA KI ADAALAT-E-INSAAF MEIN MUKHTALIF GAWAAHON KI GAWAAHIYAAN

KAFIR AUR MUNAFIQ KAY A'AZAA BHI UNKAY KHILAF GAWAAHI DENGAY:

Kuffar se bhi imaan aur Islam kay Arkaan maslan Imaan billah, Imaan bir Rasool, Imaan Bil youm ul akhira aur Namaz, roza waghera kay baare mein pooch gooch hogi aur unka muhasiba kiya jaega- aur unhain un arkaan ki adm adaegi par zarur badla diya jaega jaisa keh Allah Ta'aala ka farmaan hai:

﴿مَاسَلَكَكُمْ فِىْ سَقَرٍ. قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ . وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ . وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَائِضِيْنَ . وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ. حَتّٰى أَتَانَا الْيَقِيْنُ﴾

"Tumhain dozaq mein kis cheez ne dala? Wo jawab dengay keh ham namazi na the, miskeenon ko khaana nahi khilaate the, ham behes karnay walay (Munkareen) ka sath dekar behes mubahesa mein mashghul rehete the aur Roz-e-jaza ko jhutlaate the yahan tak k hamain maut aagae."

[Surah Mudasir:74: 42-48]

Aur khud unkay a'azaa unkay khilaaf gawaahi dengay jaisa keh Allah Rabbul Izzat ka farmaan hai:

﴿اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰى أَفْوَاہِہِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيْہِمْ وَتَشْہَدُ أَرْجُلُہُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴾

"Aj kay din ham unkay muh par muhr lagadengay aur unkay haath hamse batein karengay- aur unkay paou un kamon ki gawaahi dengay jo wo karte the."

[Surah Yaseen:36: 65]

Aur farmaaya:

وَيَوْمَ يُحْشَرُ أَعْدَاءُ اللهِ إِلَى النَّارِ فَہُمْ يُوزَعُونَ. حَتّٰى إِذَا مَا جَاؤُوہَا شَہِدَ عَلَيْہِمْ سَمْعُہُمْ وَأَبْصَارُہُمْ وَجُلُودُہُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ . وَقَالُوا لِجُلُودِہِمْ لِمَ شَہِدتُّمْ عَلَيْنَا قَالُوا أَنطَقَنَا اللهُ الَّذِىْ أَنطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّہُوَ خَلَقَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَّإِلَيْہِ تُرْجَعُونَ﴾

"Aur jis din Allah kay dushman dozaq ki taraf laey jaengay aur un sabko jama kardiya jaega yahan tak keh jab bilkul jahannum kay paas ajaengay tou unpar unkay kaan, unki ankhen aur unki khaalen unke aamaal ki gawaahi dengi- yeh apni khaalon se kahengay keh tumne hamare khilaaf gawaahi kyun di? Wo jawab dain gi keh hamain us Allah ne quwat-e-goyayee ata farmaaye jisne har cheez ko bolnay ki taqat bakhshi hai- Isne tumhain awwal martaba paida kiya aur usi ki taraf tum sab loutaey jaougay."

[Surah Haa Meem Sajdah:41: 19-21]

Isi tarah Hazrat Anas bin Malik(رضي الله عنه) bayan karte hai keh: Ham Rasool Allah(ﷺ) kay paas baithay huay the, is dauraan Aap(ﷺ) hasne lagay- Phir Aap(ﷺ) ne farmaaya: kiya tum jantay ho k main kyun hans raha hon? Hamne kaha: Allah aur uske Rasool(ﷺ) ziyada jantay hain.

Aap(ﷺ) ne farmaaya: main is baat se hans raha hon k qayamat kay din aik banda apnay Rab se kehega: Ae mere Rab! Kiya tu ne mjhe zulm se nahi bachaya? Allah Ta'aala kehega : kyun nahi- Wo kehega: tou main apnay mutalliq apnay gawaah ki gawaahi hi qubool karonga (kisi aur ki nahi karonga-) chunacha Allah Ta'aala uskay muh par mohar laga dega aur uskay a'azaa se kehega: bolo- tou wo bolkar uske aamaal ki gawaahi dengay- Phir Allah Ta'aala usay bolnay ki ijazat dega- Lehaza wo apnay a'azaa se kehega: dur hojaou, dafa hojaou, main duniya mein tumhe bacha bacha kar rakhta tha aur aj tum bhi mere khilaaf gawaahi de rahay ho?'

[Sahih Muslim: 2969]

ZAMEEN KI SHAHADAT AUR MAAL KI SHAHADAT:

Roz-e-Qayamat zameen bhi gawaahi degi aur apni khabren bayan karegi keh kis ne kahan par kiya amal kiya tha? Allah Ta'aala farmaata hai:

﴿يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَہَا . بِأَنَّ رَبَّکَ أَوْحٰی لَہَا﴾

"Is din zameen apni saari khabren bayan kardegi, isliye keh aapkay Rab ne usay hukum diya hoga."

[Surah Zilzal:99: 4-5]

Isi tarah maal bhi gawaahi dega jaise keh : Hazrat Abu Saeed Al Khudri(رضي الله عنه) ka bayan hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne irshad farmaaya:

((إِنَّ ہٰذَا الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوٌ ، وَنِعْمَ صَاحِبُ الْمُسْلِمِ ہُوَ لِمَنْ أَعْطٰی مِنْہُ الْمِسْکِیْنَ وَالْیَتِیْمَ وَابْنَ السَّبِیْلِ۔أو كما قال رسول الله صلي الله عليه وسلم ۔وَإِنَّہُ مَنْ یَّأْخُذُہُ بِغَیْرِ حَقِّہٖ کَالَّذِیْ یَأْکُلُ وَلَا یَشْبَعُ وَیَکُوْنُ عَلَیْہِ شَہِیْدًا یَّوْمَ الْقِیَامَۃِ))

"Beshak yeh maal sarsabz aur shadaab aur khush zaiqa hai- aur yeh is musalmaan ka bahetreen saathi hai jo isme se miskeen, yateem, aur musafir par kharch karta hai- aur jo usay najayez tareeqay se hasil karta hai wo us shakhs ki manind hai jo khaaey aur sair na ho- aur yeh qayamat kay din uskay khilaaf gawaahi dega."

[Sahih Al Bukhari: 1465; 2842]

Lihaza maal kay mut'alliq bhi Allah Ta'aala se darna chaheye keh usay jayez aur halal zariye se kamaaye aur jayez taur par kharch karen.

HAR HAR CHEEZ GAWAAHI DEGI:

Hazrat Abu Saeed Al Khudri(رضي الله عنه) se riwayat hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne irshad farmaaya:

((لَا يَسْمَعُ مَدٰى صَوْتِ الْمُؤَذِّنِ جِنٌّ وَّلَا إِنْسٌ وَّلَا شَيْءٌ إِلَّا شَهِدَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ))

“Jo jin, jo insaan aur jo cheez bhi muazzin ki awaaz ko sunti hai wo uskay haq mein qayamat kay din gawaahi degi.”

[Sahih Al Bukhari: 609]

Is hadees ki dusri riwayat mein hai keh Hazrat Abu Saeed Al Khudri(رضي الله عنه) ne Abdur rahman bin sa'sa Al Ansari ko nasihat ki keh jab tum kisi jungal/sehraa mein ho aur Azaan kaho tou ounchee awaaz se kaho kyunkeh main ne Rasool Allah(ﷺ) se suna tha keh Aap(ﷺ) ne farmaaya:

((لَا يَسْمَعُهُ جِنٌّ وَّلَا إِنْسٌ وَّلَا شَجَرٌ وَّلَا حَجَرٌ إِلَّا شَهِدَ لَهُ))

“Jo jin, jo insaan aur jo darakht aur jo pathar azaan sunta hai wo moazzin kay haq mein gawaahi dega.”

[Ibn Majah: 723]

Lihaza musalmaan bhaiyon! Zara socho hamare har har amal kay mut’alliq gawaah moujood hain jo roz-e-qayamat Allah Ta’aala ki aadaalat mein gawaahi dengay- aur sabse barh kar gawaah khud Allah Rabbul izzat hai jis say koi cheez makhfee nahi.

ANBIYA (عليهم السلام) SE ALLAH KA SAWAL: AUR IS UMMAT KI UNKE HUQOOQ MEIN GAWAAHI:

Hazrat Saeed Al Khudri(رضي الله عنه) se riwayat hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:
Qayamat kay din auk Nabi aega aur uskay saath sirf aik admi hoga, dusra nabi aega aur uskay saath sirf do admi hongay aur aik aur nabi aega aur uskay saath sirf teen afraad hongay- Isi tarah aur Anbiya aengay aur unkay saath issay ziyada afraad hongay ya kam- Chunacha har Nabi se kaha jaega : kiya tum ne apni qoum tak Allah ka paighaam pohancha diya tha?

Wo jawab dega: Ji haan- phir uski qoum ko bulaya jaega aur ussay poocha jaega : kiya usne tumhain Allah ka paighaam pohancha diya tha? Wo kehengay: Nahi- Tou Nabi se kaha jaega : tumhaara gawaah kaun hai?

Wo kehega: Muhammad(ﷺ) aur unki ummat- Phir Ummat-e-Muhammadia (ﷺ) ko bulaya jaega aur ussay sawal kiya jaega keh kiya is Nabi ne apni qoum ko Allah ka paighaam pohancha diya tha? Wo kahengay: ji haan
Allah Ta’aala kahega: tumhain is baat ka kaise pata chala?

Wo kahengay: hamay hamare nabi ne is baat ki khabar di thi kay unse pehle tamam anbiya(عليهم السلام) ne apni apni qoum tak Allah ka paighaam pohancha diya tha- tou ham ne Aap(ﷺ) ki tasdiq ki - phir Aap(ﷺ) ne ye ayat tilawat farmaaye:

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا) ’

“Hamne isi tarah tumhain aadil ummat banaya hai taake tum logon par gawaah hojaou aur Rasool (ﷺ) tum par gawaah hojae’”

[Ibn Majah: 4284]

ZAKAT NA DENAY, KHAYAANAT KARNAY AUR GHADDAARI KARNAY KI SAZA

Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) bayan karte hain keh aik din Rasool Allah(ﷺ) ham mein khare huay, Aap ne (maal-e-ghanimat mein) khayanat ka zikar kiya aur uskay mu'amilay (gunah ko) ko bada qarar diya- phir farmaaya: "Main Roz-e-qayamat tum me se kisi shakhs ko is halat mein na paou keh wo aye aur uski gardan par aik ount ho jo bilbila raha ho- phir wo kahe: Ae Allah kay Rasool! Meri madad kijie- tou main kahonga: main tere liye kisi cheez ka malik nahi, main ne tumhain Allah ka deen pohancha diya tha-

Isi tarah main Roz-e-Qayamat tum me se kisi shakhs ko is halat mein na paou keh wo aye aur uski gardan par aik ghora sawar ho jo hanpraha ho phir wo kahe: Ae Allah kay Rasool! Meri madad kijie- tou main kahonga : mein tere liye kisi cheez ka malik nahi, main ne tumhain Allah ka deen pohancha diya tha-

Isi tarah main Roz-e-Qayamat tum me se kisi shakhs ko is halat mein na paou keh wo aye aur uski gardan par aik bakri sawar ho jo meemyaa rahi ho- phir wo kahe: Ae Allah kay Rasool! Meri madad kijie- Tou main kahonga : main tere liye kisi cheez ka malik nahi, main ne tumhain Allah ka Deen pohancha diya tha-

Isi tarah main Roz-e-qayamat tum mai se kisi shakhs ko is halat mein na paou kay wo aye aur uski gardan par aik shakhs sawar ho jo cheekh raha ho- phir wo kahe: Ae Allah kay Rasool ! Meri madad kijie- tou main kahonga : main tere liye kisi cheez ka malik nahi, main ne tumhain Allah ka deen pohancha diya tha.

Isi tarah main Roz-e-qayamat tum mein se kisi shakhs ko is halat mein na paou keh wo aye aur uski gardan par kapron ka bojh lada hua ho- Phir wo kahe : Ae Allah kay Rasool ! Meri madad kijie- tou main kahoonga : main tere liye kisi cheez ka malik nahi, main ne tumhain Allah ka Deen pohancha diya tha-

Isi tarah main Roz-e-Qayamat tum me se kisi shakhs ko is halat mein na paou keh wo aye aur uski gardan par sona chandi lada hua ho- phir wo kahe: Ae Allah kay Rasool ! Meri madad kijie- tou kain kahonga: main tere liye kisi cheez ka malik nahi, main ne tumhain Allah ka deen pohancha diya tha."

[Sahih Al Bukhari: 3073; Sahih Muslim: 1831]

Isi tarah Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) bayan karte hain keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya: " Jis shakhs kay paas sona chandi ho aur wo iska haq (zakat) ada na karta ho, qayamat kay din uske liye aag ki takhtiyaan banae jaengi jinhay jahannum ki aag mein garam kiya jaega, phir unaky sath uske pehlu, uski paishaani aur peeth ko daghaa jaega, jab wo takhtiyaan thandi hojaengi tou unhay dobara garam kiya jaega aur usay phir daghaa jaega- aur jab tak bandon kay darmiyaan faisla nahi kardiya jaega uske sath ye saluk bad satoor jaari rahega jabke wo din pachaas hazaar saal kay barabar hoga- phir wo apna rasta dekhega- ya jannat ki taraf ya jahannum ki taraf- Aap(ﷺ) se poocha gaya keh ounton kay mut'aliq kiya irshad hai?

Aap(ﷺ) ne farmaaya: isi tarah ounton ka mu'amila hai keh jo shakhs inka haq ada nahi karta (Zakat nahi nikalta) tou roz-e-qayamat aik intehaayee khula aur wasee maidaan tayyar kiya jaega jahan uske tamam ounton ko unki oulaad samet jinka ye malik tha aur unki zakat ada nahi karta tha jama kiya jaega- phir wo usay apne khuron kay sath rondengay aur apnay muh kay sath kataengay- Jab unme se sab (usay rondte hue) guzar jaengay tou pehla ount phir ajaega aur uskay sath ye saluk is waqt tak jaari rahega jab tak bandon kay darmiyaan faisla nahi hojaega- wo din pachas hazar saal kay barabar hoga- phir wo apna rasta dekhega ya Jannat ki taraf ya jahannum ki taraf..الخ".

[Sahih Muslim: 987]

Jabke Hazrat Abdullah bin Umar(رضی اللہ تعالی عنہما) se riwayat hai keh: Rasool Allah (ﷺ) ne farmaaya:

(إِذَا جَمَعَ اللَّهُ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يُرْفَعُ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ، فَيُقَالُ: هٰذِهِ غَدْرَةُ فُلَانِ بْنِ فُلَان)

"Allah Ta'aala jab qayamat kay roz pehlon aur pichlon ko jama. Kardega tou har ghaddaar kay liye aik jhanda buland kiya jaega, phir kaha jaega: ye fulah bin fulah ki ghaddaari hai."

[Sahih Al Bukhari:3118; 6177; Sahih Muslim: 1735]

HOUZ-E-KAUSAR

Nabi kareem(ﷺ) ka houz: Hamare Nabi Kareem(ﷺ) ko qayamat kay din houz-e-kausar ata kiya jaega jiskay ousaaf Aap(ﷺ) ne apni ahadees mubaraka mein bayan farmaaye hain-

1. Hazrat Anas bin malik(رضي الله عنه) bayan karte hai keh: Rasool Allah(ﷺ) hamare sath baithay huay the, Achanak Aap(ﷺ) par Oung taari hogae- phir Aap(ﷺ) ne muskuratay huay apna sar uthaaya- Hamne poocha : Aap kyun muskurarahe hain? Aap(ﷺ) ne farmaaya: Abhi abhi mjhpar aik surat nazil hui hai- phir Aap(ﷺ) ne padha:

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ إِنَّا أَعْطَيْنَاکَ الْکَوْثَرَ . فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ. إِنَّ شَانِئَکَ ہُوَ الْأَبْتَرُ﴾

Phir Aap(ﷺ) ne farmaaya: kiya tumhen maloom hai keh
Al Kausar kiya hai? Hamne kaha: Allah aur uske Rasool Ziyada jantay hain- Tou Aap(ﷺ) ne farmaaya: wo aik naher hai jiska Allah Ta'aala ne mjhse wada kiya hai, ispar khair kaseer moujood hai- aur wo aisa houz hai jispar meri ummat kay log qayamat kay din aengay- iskay bartanon ki ta'daad sitaaron kay barabar hai- phir kuch logon ko peechay dhakelega jaega- tou main kahonga : Ae mere Rab! Ye tou mere ummati hain- tou kaha jaega : Aap nahi jantay keh unho ne Aap kay ba'ad deen mein kiya kiya naey kaam ijaad kiye the."

[Sahih Muslim: 400]

Lihaza ham par lazim hai keh ham aise kamon se bachay jinhain deen mein ijaad kiya gaya hai aur jo Rasool(ﷺ) ki sahih ahadees se aur Sahaba kiraam(رضی اللہ عنہم) kay ta'amool se sabit nahi hain-

Aur Hazrat Abu Zar(رضي الله عنه) bayan karte hain keh main ne kaha: Ae Allah kay Rasool! Houz kay bartan kiya hain? Tou Aap(ﷺ) ne farmaaya :

((وَالَّذِی نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ لَآنِیَتُہٗ أَکْثَرُ مِنْ عَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَائِ وَکَوَاکِبِہَا فِیْ اللَّیْلَۃِ الْمُظْلِمَۃِ الْمُصْحِیَۃِ، آنِیَۃُ الْجَنَّۃِ مَنْ شَرِبَ مِنْہَا لَمْ یَظْمَأْ آخِرَ مَا عَلَیْہِ، یَشْخَبُ فِیْہِ مِیْزَابَانِ مِنَ الْجَنَّۃِ مَنْ شَرِبَ مِنْہُ لَمْ یَظْمَأْ، عَرْضُہٗ مِثْلُ طُوْلِہٖ، مَا بَیْنَ عَمَّانَ إِلٰی أَیْلَۃَ، مَاؤُہٗ أَشَدُّ بَیَاضًا مِنَ الثَّلْجِ وَأَحْلٰی مِنَ الْعَسَلِ))

"us zaat ki qasam jiske haath mein Muhammad(ﷺ) ki jaan hai! Iske bartan un sitaaron se ziyada hain jo tarik aur be abar (saaf) raat mein hotay hain, wo jannat kay bartan hain- jo shakhs unse piyega usay phir kabhi piyaas nahi lagegi- Isme jannat kay do parnaalay beh rahe hongay- jo shakhs aik bar is pani ko peelega usay kabhi piyaas nahi lagegi- Uski choraee iski lambaee kay barabar hai jo itni hai jitni (عمان) aur (ایلی) kay darmiyaan hai- iska pani baraf se ziyada safed aur shehed se ziyada meetha hoga."

[Sahih Muslim: 2300]

Isi tarah Hazrat Abdullah bin Amr bin al aas (رضي الله عنه) bayan karte hain keh Rasool kiraam(ﷺ) ne farmaaya:

شَہْرٍ،وَزَوَايَاهُ سَوَائٌ،وَمَاؤُهُ أَبْيَضُ مِنَ الْوَرِقِ، وَرِيْحُہُ أَطْيَبُ مِنَ الْمِسْکِ،کِيْزَانُہُ کَنُجُوْمِ السَّمَائِ ،مَنْ وَرَدَ فَشَرِبَ مِنْہُ لَمْ يَظْمَأْ بَعْدَهُ أَبَدًا))

"Mera houz aik maah ki musafat kay baraber lamba hai aur uskay kinaara baraber hain (yani uski choraee uski lambaee kay baraber hai.)
Aur uska pani chandi se ziyada safed hai, iski khushboo kastoori ki khushboo se ziyada achi hai aur uskay abkhuray (bartan) asmaan kay sitaaron ki tarah bohat ziyada hain- jo shakhs ispar aega aur aik bar isme se peelega wo iskay ba'ad kabhi piyaasaa nahi hoga."

[Sahih Al Bukhari: 6579; Sahih Muslim: 2292]

Isi tarah Hazrat Ibn umar(رضي الله عنه) bayan karte hain keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

((اَلْکَوْثَرُ نَہْرٌ فِیْ الْجَنَّةِ حَافَتَاهُ مِنْ ذَہَبٍ وَمَجْرَاهُ عَلَی الدُّرِّ وَالْيَاقُوْتِ، تُرْبَتُہُ أَطْيَبُ مِنَ الْمِسْکِ وَمَاؤُهُ أَحْلٰی مِنَ الْعَسَلِ وَأَبْيَضُ مِنَ الثَّلْجِ))

"Al kausar jannat mein aik naher hai jiske kinaare sonay kay aur uskay behnay kay raste motiyon aur yaqut kay hain- Uski mitti kastoori se ziyada achi hai aur uska pani shehed se ziyada meetha aur baraf se ziyada safed hai."

[Tirmidhi: 3361]

Jabke Hazrat Asma binte Abu Bakr(رضي الله عنها) se riwayat hai keh Rasool Allah(ﷺ) farmaaye:

((إِنِّیْ عَلَی الْحَوْضِ حَتّٰی أَنْظُرَ مَنْ يَرِدُ عَلَیَّ مِنْکُمْ،وَسَيُؤْخَذُ نَاسٌ دُوْنِیْ فَأَقُوْلُ:يَا رَبِّ مِنِّیْ وَمِنْ أُمَّتِیْ ! فَيُقَالُ : أَمَا شَعُرْتَ مَا عَمِلُوْا بَعْدَکَ ؟ وَاللّٰہِ مَا بَرِحُوْا بَعْدَکَ يَرْجِعُوْنَ عَلٰی أَعْقَابِہِمْ))

"Beshak mein houz par rahonga yahan tak keh mein dekhonga keh tum mein se kaun mere houz par aataa hai- kuch logon ko mjhe se dur kardiya jaega- main kahonga: Ae mere Rab! Yeh tou mjhse aur meri ummat se hain! Tou kaha jaega: kiya apko maloom nahi keh unho ne Aapke ba'ad kiya kiya? Allah ki qasam! Yeh to wo hain jo apkay ba'ad murtad hogae the."

[Sahih Muslim: 2293]

MEEZAN BAR HAQ HAI

Roz-e-qayamat wazan bar haq hai jaise ke Allah Ta'aala ka farmaan hai:

﴿وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذٍ الْحَقُّ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهُ فَأُوْلٰئِکَ ہُمُ الْمُفْلِحُوْنَ. وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهُ فَأُوْلٰئِکَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْا أَنْفُسَہُمْ بِمَا كَانُوْا بِآيَاتِنَا يَظْلِمُوْنَ﴾))

"Aur is roz wazan bhi bar haq hai, phir jis shakhs ka palla bhaari hoga so aise log kamyaab hongay- aur jis shakhs ka palla halka hoga So wo yeblog hongay jinho ne apna nuqsaan karliya basabab iske keh hamari aayaaton kay sath zulm karte the."

[*Surah Ar'af*:07: 8-9]

ا:﴿وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلاَ تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَإِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا وَكَفٰى بِنَا حَاسِبِيْنَ﴾

"Qayamat kay din ham theek theek tolnay walay tarazoo rakhengay, phir kisi par kuch bhi zulm na kiya jaega- aur agar aik rai kay danay kay baraber bhi koi amal halka hoga tou usay ham samne laengay- aur ham hisab lenay ke liye kafi hain."

[*Surah Anbiya*:21: 47]

Hazrat Ayesha(رضی اللہ عنہا) se riwayat hai keh: aik shakhs aaya aur usne Rasool Allah(ﷺ) kay samne baithkar Aap(ﷺ) se kaha : Ae Allah kay Rasool! Mere kuch ghulam hain jo mjhse jhoot bolte hain, mere maal mein khayanat karte hain aur meri nafarmaani karte hain- main unhay gaaliyaan deta hon aur maarta bhi hon- tou unke mu'talliq mere sath kiya saluk kiya jaega? Aap(ﷺ) ne farmaaya:

((يُحْسَبُ مَا خَانُوْکَ وَعَصَوْکَ وَکَذَبُوْکَ،وَعِقَابُکَ إِيَّاہُمْ،فَإِنْ کَانَ عِقَابُکَ إِيَّاہُمْ بِقَدْرِ ذُنُوْبِہِمْ کَانَ کَفَافًا،لَا لَکَ وَلَا عَلَيْکَ،وَإِنْ کَانَ عِقَابُکَ دُوْنَ ذُنُوْبِہِمْ کَانَ فَضْلًا لَکَ،وَإِنْ کَانَ عِقَابُکَ فَوْقَ ذُنُوْبِہِمْ أُقْتُصَّ لَہُمْ مِنْکَ الْفَضْلُ))

"Unki khayanat, nafarmaani aur jo unho ne tujhse jhoot bola aur jitni tu ne unhay saza di , Us sabka hisab kiya jaega- agar teri saza unke ghaltiyon kay baqadr hui tou mu'amila barabar hojaega- na ussay tumhain koi faida hoga aur na nuqsaan- aur agar teri saza unki ghaltiyon kay muqablay mein kam hui tou tujhe unpar fazilat hasil hogi- aur agar teri saza unki ghaltiyon se ziyada nikli tou tujhse ziyadati ka badla liya jaega."

MEEZAN BAR HAQ HAI

Yeh shakhs aik taraf hokar ronay laga- tou Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya : kiya tu ne kitab Allah mein ye Ayat nahi parhi:

﴿وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلاَ تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ﴾

"Qayamat kay din ham theek theek tolnay walay tarazoo rakhengay, phir kisi par kuch bhi zulm na kiya jaega."

[*Surah Anbiya*:21: 47]

Is shakhs ne kaha: Allah ki qasm Ae Allah kay Rasool! Mere khayal mein mere aur unke liye yehi behtar hai keh main unhay chor don- main apko gawah banakar keheta hon keh aj ke ba'ad yeh sab azaad hain."

[*Tirmidhi*: 3165]

Aur Hazrat Abdullah bin Amr bin al aas(رضي الله عنه) se riwayat hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

"Beshak Allah Ta'aala meri ummat kay aik admi ko qayamat kay din tamam logon kay samne laeyga- (Ibn majah ki riwayat mein hai keh unchi awaaz kay sath uska naam pukara jaega) Phir uske samne ninnyanway(99) register kholdiye jaengay- unme se har register hadd-e-nigah tak phaila hua hoga- Phir Allah Ta'aala usay poochega: kiya tum un gunaahon mein se kisi ka inkaar karsakte ho? Kiya meri taraf se muqarrar kiye huey tumhaare aamaal ko likhne walay nigraanon ne tujh par zulm kiya hai? Wo kahega: Nahi Ae mere Rab! Allah Ta'aala kahega : tou kiya tumhaare paas koi uzar hai? Wo kahega: Nahi Ae mere Rab! Allah Ta'aala kahega: kyun nahi- Hamare paas teri aik naiki moujood hai jiski wajah se aj tujh par zulm nahi kiya jaega- phir uske liye card nikala jaega jisme likha hoga:

((أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ))

"Phir Allah Ta'aala kehega : ao aj apnay aamaal ka wazan dekhlo- wo kahega: Ae mere Rab! Ye card in registaron kay muqablay mein kiya haisiyat rakhta hai? Kaha jaega: tujh par zulm nahi kiya jaega- phir registaron ko tarazo kay aik pallay mein rakh diya jaega aur card ko dusre pallay mein- Chunacha registaron wala palla upar uthjaega aur card wala palla neche jhook jaega- isliye ke Allah kay naam kay muqablay mein koi cheez ziyada wazani nahi hosakti."

[*Tirmidhi*: 2639]

Is admi ne 99 register bharnay tak kufr-o-shirk aur gunaahon ki zindagi guzari, phir akhir mein kalme tawheed parhkar wafaat pae- Jo uski maghfirat ka sabab bangaya- Rasool Allah(ﷺ) ka irshad hai keh :

((إِنَّ الْإِسْلَامَ يَہْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَہُ))

"Islam issay pehle kay gunaahon ko mita deta hai."

[Sahih Muslim: 121]

Yaad rahe k kafir kay aamaal ka bhi wazan kiya jaega chunacha uske kufr aur uski buraiyon ko aik pallay mein aur uski naikiyon (maslan: Sila rahemi, Logon se hamdardi aur ghulamon ko azaad karna wagerah) ko dusre pallay mein rakha jaega- phir kufr aur buraiyon wala palla bhaari hojaega jiski bina par wo jahannum kay azaab ka mustahiq qarar paeyga-
Albatta uske ba'az naikiyon ki bina par uske azaab mein takhfeef kardi jaegi jaisa k Abu Talib kay baare mein Rasool Allah(ﷺ) se poocha gaya ke wo tou unki hifazat aur madad kiya karte the tou unka anjaam kiya hoga?

Aap(ﷺ) ne farmaaya, : Haan, main ne unhay jahannum kay sakht azaab mein mubtelah paya lekin mere sath Hue saluk ki bina par unkay azaab mein takhfeef kardi gae- agar main na hota tou unhay jahannum kay sabse nkchle gaddhay mein daldiya jaata."

[Sahih Al Bukhari: 3883]

Aur Hazrat Ayesha(رضی اللہ عنہا) ne Aap(ﷺ) se Abdullah bin jiddaan kay baare mein poocha aur Aapko bataaya ke wo jahiliyat mein sila rehmi kiya karta tha aur miskeenon ko khaana khilata tha- tou kiya ye aamaal uske liye nafa bakhs sabit hongay? Aap(ﷺ) ne farmaaya: Nahi, isliye k usne kabhi ye nahi kaha tha

((رَبِّ اغْفِرْ لِیْ خَطِیْئَتِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ))

"Ae mere Rab ! Meri khataou ko roz-e-qayamat mu'aaf kardena."

[Sahih Muslim: 212]

Issay sabit hua k kafir ki naikiyaan' naikiyaan shumar nahi hongi aur uske liye unka hona na hona baraber hoga, lekin unhay tarazoo mein zarur rakha jaega - Iski taeed Allah Ta'aala kay is farmaan se bhi hoti hai:

﴿قُلْ ہَلْ نُنَبِّئُكُم بِالْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا . الَّذِينَ ضَلَّ سَعْيُہُمْ فِی الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَہُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّہُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا.
أُولَٰئِکَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّہِمْ وَلِقَائِہِ فَحَبِطَتْ أَعْمَالُہُمْ فَلَا نُقِيمُ لَہُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا﴾

"Aap kehdijie ke kiya ham tumhain khabr dain ke (is din) aamaal kay aitebaar se sabse ziyada ghaatay mein kaun hoga? Wo hai jinki duniyavi zindagi ki tamam tar koshishen bekaar hogain aur wo isi gumaan mein rahega ke wo bohat achay kaam kar rahe hain- yehi wo log hai jinho ne apnay Rabb ki aayaaton aur ussay mulaqaat se kufr kiya-

Isliye unkay aamaal ghaarat hongay- pas qayamat kay roz ham unka koi wazan qayem na karengay."

*[Surah Kahf:*18: 103-105]

ULEMA-E-KIRAAM(رحمه الله) KA KEHENA HAI : QAYAMAT KAY DIN LOGON KAY TEEN TABQAY HONGAY:

1. Muttaqee aur parhezgaar log jinhon ne kabeerah gunaah nahi kiye hongay.

2. Wolog jinho ne (shirk kay alawah digar) kabeerah gunaah ka irtekaab kiya hoga-

3. Teesra tabqa kuffar-o-munafiqeen aur mushrikeen ka hoga.

Chunacha muttaqee logon kay tarazoo bhaari hojaega aur unhay jannat mein dakhil kardiya jaega (Allah Ta'aala hamain bhi isi tabqay mein shamil karde-) Dusre tabqay kay logon kay aamaal ka wazan hoga, phir hosakta hai ke unkay naik aamaal ka wazan ziyada ho jaey jispar unhain jannat mein bhej diya jaega aur hosakta hai ke unki buraiyon ka wazan ziyada hojae jispar unhay jahannum mein bhejdiya jaega, lekin ba'ad mein Shafa'at ki wajah se unhay bhi jahannum se nikal kar jannat mein dakhil kardiya jaega- aur ho sakta hai ke unki naikiyaan aur buraiyaan wazan mein barabar hojaen tou ye Ahl-e-Aaraaf hongay- yani jannat aur dozakh kay darmiyaan aik muqam par hongay aur unhain sabse akhir mein jannat mein dakhil kiya jaega jaisa ke Hazrat Ibn Masood(رضي الله عنه) se marwi hai k jahan tak kuffar aur mushrikeen-o-munafiqeen ka talluq hai tou unkay tarazoo mein naik Aamaal wala palla intihaayee halka hoga aur buraiyon wala palla bhaari hoga- isliye unhay Allah Ta'aala jahannum mein daldega-
wal iyaaz billah

In dalaiyl ki bina par ye kehna bajaa hoga ke meezaan bar haq hai, Albatta wazan tamam logon kay aamaal ka nahi hoga balke kuch khush naseeb issay mustasnaa hongay jaisa k hadees mein hai ke Roz-e-qayamat Rasool Allah(ﷺ) se kaha jaega : Apni ummat kay un logon ko alag kardo jinpar hisab wajib nahi hai.

MEEZAAN KO BHAARI KARNAY WALAY AAMAAL

Hazrat Abu Darda(رضي الله عنه) bayan karte hai k Rasool Alah(ﷺ) ne irshad farmaaya:

((أَفْضَلُ شَيْءٍ فِىْ الْمِيْزَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْخُلُقُ الْحَسَنُ))

“Roz-e-qayamat meezan mein sabse bhaari ‘Acha Akhlaaq’ hoga.”

[*Ahmad*: 27536; 27595; *Ibn Hibban*: 2/230]

Jabke Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) ka bayan hai ke Rasool Allah(ﷺ) ne irshad farmaaya:

((كَلِمَتَانِ حَبِيْبَتَانِ إِلَى الرَّحْمٰنِ ،خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ،ثَقِيْلَتَانِ فِىْ الْمِيْزَانِ :سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ ،سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِيْمِ))

“Do kalme Allah Ta’aala ko intihaayee mehboob hain: Wo zuban par halke aur meezaan mein bohat bhaari hai: aur wo hain:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ ، سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِيْمِ۔ “

[*Sahih Al Bukhari*: 7563]

ROZ-E-QAYAMAT HAR UMMAT APNAY MABOOD KAY PEECHAY JAEGI

Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) bayan karte hain keh kuch logon ne Rasool Allah(ﷺ) se poocha keh kiya ham qayamat kay roz apnay Rab ko dekh sakhengay?

Aap(ﷺ) ne farmaaya: Jis dopaher ko asmaan par koi badal na ho, kiya usme tumhen suraj ko dekhne mein koi shak-o-shuba hosakta hai"? Unho ne kaha nahi-

Aap(ﷺ) ne farmaaya: "Aur jis choudhwi raat ko asmaan par baadal na hon, kiya usme tumhen chand ko dekhne mein koi shak-o-shuba hosakta hai? Unho ne kaha nahi-

Aap(ﷺ) ne farmaaya: "Is zaat ki qasam jiske haath mein meri jaan hai! Tumhen apnay Rab ko dekhne mein bhi kisi qisam ka shak-o-shuba nahi hoga- Allah Ta'aala logon ko Roz-e-Qayamat jama farmaaega- phir kehega: Jo jiski pooja karta tha wo aj usi kay peeche chala jaey- Suraj kay poojaari suraj ki ittibah karengay, Chand kay poojaari chand ki pairvi karengay, Taghooton kay poojaari taghooton kay peechay chale jaengay aur phir sirf ye ummat baaqi rahejaegi jisme uskay munafiq bhi hongay- Tou Allah Ta'aala unkay paas us surat mein aega jisay wo nahi pahechante hongay- Phir Allah Ta'aala kahega: main tumhaara Rab hon-

Wo kahengay: Ham tujh se Allah ki panha chahatay hain aur ham yahin apni jagah par thairay rahengay yahan tak ke hamara Rab hamare paas ajaey-
Jab hamara Rab hamare paas aega tou ham usay pehchan lengay- Chunacha Allah Ta'aala unkay paas unki jaani pehchaani surat mein aega aur kahega: Main tumhaara Rab hon-

Wo kahengay aap hamare Rab hain- phir wo usi kay peechay chal parhingay- aur pul siraat ko jahannum ki peet par rakha jaega- phir main aur meri ummat sab se pehle usay uboor karengay- (yaad rahe ke) us din Rasoolon kay ilawah aur koi shakhs guftagu nahi kar sakega aur us din paighambar bhi ye Dua kar rahe hongay:

(اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ)

"Ae Allah! Tu hi hamain salamati dey aur tu hi hamain aman o aamaan ata farmaa."

Aur Jahannum mein lohay kay honk aise hongay jisay Sa'adaan (aik kantay daar darakhat) par bohat ziyada kantay hotay hain- Wo kitnay baray hongay ye sirf Allah Ta'aala ko maloom hai- ye hook logon ko unkay aamaal kay mutabiq uchak lengay- phir unme se kaey log tou halakat kay garhon mein chalay jaengay aur kuch log un hoonkon se najaat paakar pul siraat ko uboor kar jaengay."

[Sahih Al Bukhari: 6573]

PUL SIRAAT PAR GUZARNA

Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) bayan karte hai keh Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

"....Chunacha Wo Muhammad(ﷺ) kay paas aengay aur Aap(ﷺ) ko (shafa'at ki) ijazat di jaegi- Phir amanat aur Rehem ko bheja jaega jo pul siraat kay dawy baey khare hojaengay- Phir (log pul siraat par se guzarna shuru karengay) Chunacha sab se pehla shakhs bijli ki si tezi kay sath guzar jaega."

Main (Abu Hurerah(رضي الله عنه)) ne poocha: Mere maa baap aap par qurbaan hon, koi cheez bijli ki si tezi kay sath bhi guzarsakti hai? Aap(ﷺ) ne farmaaya : "kiya tum ne (Asmaan par) bijli ko nahi dekha, kaise wo tezi kay sath jaati hai aur palak jhapaktay hi wapis aati hai!"

Phir dusra admi hawa ki tarah tezi kay sath guzar jaega.
Phir teesra admi parinday ki udhaan aur (Taqat war) mardon kay dornay ki tarah guzar jaega- yeh sab apnay apnay aamaal kay mutabiq wahan se guzrengay aur tumhaara Nabi(ﷺ) pul siraat par khaara kehe raha hoga: (Ya Rabb! سَلِّمْ سَلِّمْ ! يَا رَبِّ) "Ae mere Rab! Tu hi salamati dey aur tu hi mehfooz farmaa." Yahan tak ke bandon kay aamaal ajiz ajaengay- Aur yahan tak ke aik admi aisa aega jo ghasit ghasitbkar hi chalne kay qabeel hoga- pul siraat kay kinaaron par lohay kay hook latkay huay hongay jinhain baaz logon ko pakarnay aur uchak lenay ka hukm diya gaya hoga- lihaza wahan se guzarnay walon mein se kuch tou kharaashay wagerah lagnay kay ba'ad nijat paakar usay uboor karjaengay aur kaey logon ka jism tukray tukray hojaega aur wo jahannum mein girjaengay."

Phir Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) ne kaha : is zaat ki qasam jiske haath mein Abu hurerah ki jaan hai! Jahannum ki gehraee sattar saal ki musafat kay baraber hai."

[Sahih Muslim: 195]

Jabke Hazrat Umme Mubashir(رضى الله عنها) bayan karti hain k Rasool Allah(ﷺ), Hazrat Hafsa(رضى الله عنها) kay paas the aur Aap(ﷺ) ne irshad farmaaya :

((لَا يَدْخُلُ النَّارَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ مِنْ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ أَحَدٌ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا تَحْتَهَا))

"As'hab shajarah (Darakht walon) mein se jinho ne darakht kay neechay baeet ki thi koi shakhs jahannum mein dakhil nahi hoga."
Tou Hazrat Hafsa(رضى الله عنها) ne Allah kay Rasool(ﷺ) se poocha : Allah Ta'aala kay is farmaan ka kiya matlab hai:

﴿وَإِنْ مِّنْكُمْ إِلَّا وَارِدُہَا﴾

[Surah Maryam:19: 71]

“Tum mein se har aik wahan zarur warid honay wala hai”?
Tou Aap(ﷺ) ne farmaaya: tumne ussay agli ayat nahi padhi:

﴿ثُمَّ نُنَجِّى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا﴾
[Surah Maryam:19: 72]

“Phir ham parhezgaaron ko bacha lengay.

[Sahih Muslim: 2496]

Aur Hazrat Abu Hurerah(رضي الله عنه) bayan karte hai ke: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:
Kisi musalmaan kay teen bachay marjaey (aur wo unpar sabr ka muzaherah kare) tou usay dozakh ki aag nahi chuwegi, haan sirf qasam ko poora karnay ke liye.”

[Sahih Al Bukhari: 6656]

Qasam ko poora karne se murad kiya hai? Iske mut’alliq Imaam Nawawi(رحمه الله) ne muhadiseen kay muta'addid aqwaal sharah muslim mein naqal kiye hain- inme se aik qawl ye hai ke issay murad Allah Ta’aala ka ye farmaan hai:

﴿وَإِنْ مِّنْكُمْ إِلَّا وَارِدُہَا﴾

“Tum mein se har aik wahan zarur warid hone wala hai.”

[Surah Maryam:19: 71]

Wallahu alam.

AIK AUR PUL SIRAAT....JANNAT AUR DOZAKH KAY DARMIYAAN AKHIRAT MEIN DO PUL SIRAAT HONGAY-

Aik Pul siraat wo hoga jispar se tamam Ahl-e-maheshar ko guzarna hoga sivae un logon kay jo baghair hisab kay Jannat mein dakhil hongay- Usi tarah wo log bhi jinko jahannum ki aik gardan pakar legi aur jahannum mein phenk degi- Lehaza jo log is pul siraat ko uboor kar jaengay aur wo sirf momineen hongay jinkay mutalliq Allah Ta’aala ko maloom hoga ke agar unse qasas liya gaya tou unki naikiya khatam nahi hongi unhay dusre pul siraat par rok liya jaega jahan unkay darmiyaan huqooq ul ibaad ka qasas liya jaega- aur un logon mein se koi bhi aisa nahi hoga jisay wapis jahannum mein bheja jaega kyunkeh wo pehle pul siraat ko uboor karchukay hongay jo ain jahannum kay upar hoga- aur jinkay mutalliq Allah Ta’aala ne faisla kardiya hoga ke unhay jahannum mein dalna hai tou wo is pehle pul siraat ko hi uboor nahi kar sakengay aur ispar se guzartay huay wo jahannum mein gir jaengay.

Hazrat Abu Saeed Al Khudri(رضی اللہ عنہ) se riwayat hain ke: Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:

((يَخْلُصُ الْمُؤْمِنُوْنَ مِنَ النَّارِ فَيُحْبَسُوْنَ عَلٰى قَنْطَرَةٍ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، فَيُقْتَصُّ لِبَعْضِهِمْ مِنْ بَعْضٍ مَظَالِمُ كَانَتْ بَيْنَهُمْ فِى الدُّنْيَا حَتّٰى إِذَا هُذِّبُوْا وَنُقُّوْا أُذِنَ لَهُمْ فِىْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ))

"Momin jahannum se bachkar jannat o dozakh kay darmiyaan banay huay aik pul par pohanchengay jahan unhay rok liya jaega aur unkay un huqooq ka faisla kiya jaega jo duniya mein unkay darmiyaan wajib ul adaa the- yahan tak ke jab unhay (gunaahon se aur bandon kay huqooq se) bilkul saaf aur bari kardiya jaega tou unhay Jannat mein dakhil honay ki ijazat de di jaegi."

[Sahih Al Bukhari: 2440; 6535]

MUWAHHIDUN MEIN SE JO SHAKHS JAHANNUM MEIN DAKHIL HOGA USAY SHAFA'AT KAY ZARIYE NIKAL LIYA JAEGA

Pul siraat par se guzartay huay jo muwahhid momineen apnay gunaahon ki wajah se jahannum mein jaa girengay unke muta'lliq Allah Ta'aala ki ijazat se shafa'at karnay walay shafa'at karengay aur unhay jahannum se nikal kar jannat mein dakhil kardiya jaega- Shafa'at karne walon mein sab se pehle Rasool Allah(ﷺ) Shafa'at karengay-

Jaisa keh Hazrat Anas (رضي الله عنه) ka bayan hain keh Rasool Allah(ﷺ) ne irshad farmaaya:

((اِنْطَلِقْ،فَمَنْ كَانَ فِىْ قَلْبِہٖ مِثْقَالُ حَبَّۃٍ مِّنْ بُرَّۃٍ أَوْ شَعِيْرَۃٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجْہُ مِنْہَا))

"Jaaen aur dekhen jis shakhs kay dil mein gandum ya joaun kay daanay kay baraber imaan ho usay jahannum se nikal lain."
Chunacha main jaounga aur usi tarah karonga- Phir apnay Rab Ta'aala kay paas wapis loutonga aur uski tareefain karonga- Phir uskay samnay Sajda raiz hojounga- phir mjhe kaha jaega:

(يَا مُحَمَّدُ ! إِرْفَعْ رَأْسَکَ وَقُلْ يُسمَعْ لَکَ ، وَسَلْ تُعْطَ ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ)

"Ae Muhammad(ﷺ)! Apna sar uthaaeye aur baat karen, aapki baat suni jaegi- Aap sawal karen, apka sawal poora kiya jaega- aur aap Shafa'at karen, aapki shafa'at qubool ki jaegi."

Chunacha main kahonga:

(يَا رَبِّ أُمَّتِىْ أُمَّتِىْ)
"Ae mere Rab! Meri Ummat, Meri Ummat." Tab mjhe kaha jaega:

((اِنْطَلِقْ،فَمَنْ كَانَ فِىْ قَلْبِہٖ مِثْقَالُ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجْہُ مِنْہَا))

"Jaaen aur dekhen jis shakhs kay dil mein rayee kay danay kay baraber bhi imaan ho usay jahannum se nikal lain."
Lihaza main jaounga aur usi tarah karonga- phir Apnay Rab Ta'aala kay paas wapis loutonga aur uski tareefain karunga- phir uskay samne sajda raiz hojoungay- phir mjhe kaha jaega:

(يَا مُحَمَّدُ ! إِرْفَعْ رَأْسَکَ وَقُلْ يُسمَعْ لَکَ ، وَسَلْ تُعْطَ ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ)

"Ae Muhammad(ﷺ)! Apna sar uthaaeye aur baat karen, aapki baat suni jaegi- Aap sawal karen, apka sawal poora kiya jaega- aur aap Shafa'at karen, aapki shafa'at qubool ki jaegi."

Chunacha main kahonga: Mjhe har us shakhs kay baare mein Shafa'at karnay ki ijazat dain jisne (لا إله إلا اللہ) parha- Allah Ta'aala kehega: Uska apko ikhtiyar nahi hai lekin meri izzat ki qasm! Meri badaee ki qasm! Meri azmat ki qasm! Aur meri kibraee ki qasm! Main zarur bil zarur us shakhs ko jahannum se nikal doonga jisne "La ilaha illallah" padha."

[Sahih Al Bukhari: 7510]

نشر الرسائل الدينية
Islamic Messages Sharing

NABI KAREEM(ﷺ) KI SHAFA'AT KAY SABSE ZIYADA MUSTAHIQ KAUN?

Hazrat Abu Hurerah(ﷺ) ka bayan hai ke main ne Rasool Allah(ﷺ) se poocha: Qayamat kay din logon mein sabse bada khush naseeb kaun hoga jiske haq main Aap shafa'at karengay?
Aap(ﷺ) ne jawab diya :

((لَقَدْ ظَنَنْتُ يَا أَبَا ہُرَيْرَةَ أَنْ لَّا يَسْأَلَنِیْ عَنْ ہٰذَا الْحَدِيْثِ أَحَدٌ أَوْلٰی مِنْکَ لِمَا رَأَيْتُ مِنْ حِرْصِکَ عَلَی الْحَدِيْثِ،أَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِیْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ :مَنْ قَالَ:لَا إِلٰہَ إِلَّا اللّٰہُ خَالِصًا مِّنْ قِبَلِ نَفْسِہٖ))

"Ae Abu Hurerah(رضي الله عنه) ! Mjhe yaqeen tha ke is baare mein tumbhi sawal karogay kyunkeh tumhen ahadees sunnay ka ziyada shouq rehta hai- (Tou suno) qayamat kay din meri shafa'at ka sabse ziyada haq daar wo hoga jisne apnay dil ki gehraaeeyon se aur ikhlaas kay sath "La ilaha illallah" kaha."

Aur Hazrat Awf bin malik(رضي الله عنه) ka bayan hai keh: Rasool Allah(ﷺ) ne irshad farmaaya:

((أَتَانِیْ آتٍ مِنْ عِنْدِ رَبِّی فَخَيَّرَنِی بَيْنَ أَنْ يَّدْخُلَ نِصْفُ أُمَّتِی الْجَنَّةَ وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ،فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ،وَہِیَ لِمَنْ مَاتَ لَا يُشْرِکُ بِاللّٰہِ شَيْئًا))

"Mere paas mere Rab Ta'aala ki taraf aik aanay wala aaya aur usne mjhe ikhtiyaar diya keh main ya tou apni adhi ummat kay jannat mein janay razi hojaou ya Roz-e-Qayamat shafa'at karon- Tou main ne shafa'at ko chun liya hai aur meri shafa'at har aise shakhs kay liye hogi jiski maut is halat mein aegi keh wo Allah Ta'aala kay sath kisi ko shareek nahi thairata tha."

[Tirmidhi; Ibn Majah: 5600: وصححه الألبانی فی تخریج المشکاة]

In dono ahadees se sabit hota hai ke Roz-e-qayamat Rasool Allah(ﷺ) ki shafa'at sirf muwahhidun ko jinho ne Apni zindagi mein Allah kay saath shirk nahi kiya hoga naseeb hogi- Lihaza agar ham ye chahatay hai ke hamain Nabi kareem(ﷺ) ki shafa'at naseeb ho to hamain maut aane tak apna daman shirk se paak rakhna hoga.

NABI KAREEM(ﷺ) KAY ALAWAH MOMINEEN BHI SHAFA'AT KARENGAY:

Hazrat Abu Saeed khudri(رضي الله عنه) se riwayat hai ke : Rasool Allah(ﷺ) ne farmaaya:
"Rahay jahannum walay jo iskay ahl hain tou wo jahannum mein na marengay aur na zinda rahengay, lekin kuch log aise hongay jinhay unkay gunaahon kay sabab jahannum mein dala gaya hoga- Unhay Allah Ta'aala maar dega yahan tak ke jab wo (Jahannum ki aag mein jaltay jaltay) koeyla ban chukay hongay tou Allah Ta'aala unkay mut'alliq shafa'at karnay ki ijazat dega-

Chunacha unhay Jama'at dar jama'at laya jaega aur jannat ki naheron mein daldiya jaega- phir kaha jaega: Ae Ahl-e-jannat! Unpar pani bahaou- Uskay ba'ad wo aise (Tezi se) ugengay jaise sailaab ki jhaag aur mitti mein aik dana (tezi se) ugtaa hai."

[*Sahih Muslim*: 185]

نشر الرسائل الدينية
Islamic Messages Sharing

Hazrat Abu Saeed khudri(رضي الله عنه) se riwayat hai k : Rasool Allah(ﷺ) ne irshad farmaaya:
“.....phir pul siraat ko lakar jahannum kay upar rakha jaega aur shafa’at karnay ki ijazat di jaegi- wo keh rahe hongay: اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ ‘‘
Poocha gaya ke Ae Allah kay Rasool(ﷺ) ! Pul kiya hai?

Aap(ﷺ) ne irshad farmaaya: “Wo aisa (khatarnaak) pul hai jahan se guzarnay wala phislega aur larkharaega, uspar uchak lene walay kaantay aur jakad lenay walay aankray aur aise tedhay medhay kaantay lagay huay hain jaise najad mein hotay hain aur unhay (Sa’adaan) kaha jata hai- wahan se kuch momin palak jhapaknay ki tarah , kuch bijli ki si tezi kay sath, kuch hawa ki tarah, kuch parindon ki raftaar mein aur kuch tez raftaar ghoron aur sawariyon ki manind guzar jaengay- Inme kuch tou mukammal taur par sahih saalim guzrengay aur kuch wahan zakhmi hojaengay aur kaye log jahannum ki aag mein gir jaengay yahan tak keh jab momin jahannum ki aag se bachkar nikal jaengay tou us zaat ki qasam jiskay haath mein meri jaan hai! Wo apnay un bhaiyon kay haq mein jo jahannum mein gir chukay hongay qayamat kay roz Allah Ta’aala se yu pur josh mutaalba karengay

Jaise k tum pur josh tareeqay se mjhse kisi kay haq mein mutaleba karte ho- Wo kahengay: Ae hamare Rab! Wo hamare sath rozay rakhte the, Namaz parhte the, aur hajj kiya karte the- tou unhay kaha jaega: jaou jinko tum pahechantay ho unhay nikal lo- Chunacha unki shaklen jahannum par haram kardi jaengi- tou wo bohat saare logon ko nikal lengay- Unme kae log aise hongay k aag unki adhi pindliyon tak pohanchi hogi aur kuch aise hongay k aag unkay ghutnou tak pohanchi hogi- Phir kahengay: Ae hamare Rab! Jinkay baare mein tu ne hamain hukm diya tha un sabko ham ne nikal liya hai-
Allah Ta’aala farmaaega: doobara jaou aur jis shakhs kay dil mein aik dinar kay baraber khair paou usay bhi nikal lo-
Tou wo bohat saare logon ko nikalengay- phir kahengay: Ae Hamare Rab! Jinkay baare mein tu ne hamain hukm diya tha un sabko ham ne nikal liya hai-
Allah Ta’aala farmaaega: doobara jaou aur jis shakhs kay dil mein adhay dinaar kay baraber khair paou usay bhi nikal lo- tou wo bohat saare logon ko nikalengay- phir kahengay: Ae Hamare Rab! Jinkay baare mein tu ne hamain hukm diya tha unme se kisi ko ham ne jahannum mein nahi chora.

Allah Ta’aala farmaaega: phir wapis jaou aur jis shakhs kay dil mein zara barabar khair paou usay bhi nikal lo-

Tou wo bohat saare logon ko nikalengay- phir kahengay: Ae Hamare Rab! Jinkay baare mein tu ne hamain hukm diya tha unme se kisi ko ham ne jahannum mein nahi chora.

Allah Ta’aala farmaega: Farishton ne bhi sifarish karli, Anbiya ne bhi shafa’at karli aur momin bhi sifarish karkay farigh hogae, Ab Sirf ارحم الراحمين baaqi hai- Tou Allah Ta’aala jahannum se aik mutthi bharega aur un logon ko jahannum se nikalega jinho ne kabhi khair ka kaam na kiya tha- wo jalkar koeyla ban chukay hongay- Allah Ta’aala unhay jannat kay siray par waqay aik neher mein phenk dega jisay naher ul hayat kaha jaata hai- phir wo ussay aise niklen gay jaise aik dana guzargaahe aab mein nikalta hai...

phir wo aik moti ki tarah (Chamakdaar hokar) niklengay- Unki gardanon par mohren lagi hongi jinki wajah se unhay Ahl-e-jannat pehchan lengay aur kahengay: Yeh hai Alah Ta'aala kay azaad karda jinhay

usne kisi naik amal aur kisi khair kay baghair jannat mein dakhil farmaaya hai- phir Allah Ta'aala farmaaega: jaou jannat mein dakhil hojaou aur jo kuch dekho wo tumhaara hai- wo kahengay: Ae Hamare Rab! Tu ne tou hamain itna kuch ata kardiya jo tu ne tamam jahan walon mein se kisi ko ata nahi kiya- Allah Ta'aala farmaaega: tumhaare liye mere paas issay bhi achi cheez hai wo kahengay: Ae Hamare Rab! Issay achi cheez kiya hai? Tou Allah Farmaaega: Meri Raza- jaou main ab tum par kabhi naraz nahi honga.

[*Sahih Al Bukhari*: 7439; *Sahih Muslim*: 183]

SHAFA'AT KI SHUROOT

Roz-e-Qayamat shafa'at do sharton kay saath mashroot hai:
1. Pehli shart Allah Ta'aala ki ijazat hai.
Chunacha koi shakhs Allah Ta'aala ki ijazat kay baghair shafa'at nahi kar sakega jaisa keh Allah Ta'aala ka farmaan hai:

﴿ مَنْ ذَا الَّذِىْ يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلاَّ بِإِذْنِهِ ﴾

"Kaun hai jo uskay paas uski ijazat kay baghair shafa'at kar sake?"

[*Surah Baqarah*:02: 255]

Isi tarah farmaaya:

﴿وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِىْ السَّمٰوَاتِ لاَ تُغْنِىْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا إِلاَّ مِنْ بَعْدِ أَنْ يَّأْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَاءُ وَيَرْضٰى﴾

"Aur asmaan mein bohot se aise farishtay hain jinki sifarish kuch bhi nafa' nahi de sakti magar yeh aur baat hai ke Allah Ta'aala apni khushi aur chahat se jiske liye chahay ijazat dey dey."

[*Surah Najam*:53: 26]

2. Dusri Shart yeh hai ke jis shakhs se Allah Ta'aala razi hoga usi kay baare mein hi shafa'at karnay walay shafa'at kar sakengay jaisa ke Allah Ta'aala ka farmaan hai:

﴿ وَلاَ يَشْفَعُوْنَ إِلاَّ لِمَنِ ارْتَضٰى﴾

"Aur wo sirf usi ke liye shafa'at karengay jis say wo razi hoga."

[*Surah Anbiya*:21: 28]

Zahir baat hai ke Allah Ta'aala Ahl-e-imaan -o- muwahhidin hi se razi hota hai, kuffar-o-mushrikeen se nahi-

Allah Ta'aala ham sabko Nabi Kareem(ﷺ) ki shafa'at naseeb farmaaey.

AAMEEN.

نشر الرسائل الدينية Islamic Messages Sharing

Muhatram Hazraat! Hamne pehle khutba jumu'ah mein Roz-e-Qayamat ki jin houlnaakiyon ka tazkirah kiya hai ham unki tasveer karkay sonchay aur amal swaleh ki taraf barhain taake ham Allah Ta'aala kay fazal-o-karam se in houlnaakiyon se bach saken.

Allah Ta'aala farmaata hai:

﴿ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ إِلَى اللّٰهِ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴾

"Aur us din se daro jisme tum Sab Allah Ta'aala ki taraf loutae jaougay aur har shakhs uskay aamaal ka poora poora badla diya jaega aur unpar zulm nahi kiya jaega."

[Surah Baqkharah:02: 281]

Aur Farmaaya:

ا:﴿وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَاهُمْ يُنْصَرُوْنَ﴾

"Aur us din se darte raho jab koi kisi ko nafa na de sakhega- na koi shafa'at qubool ki jaegi aur na koi badla aur fidya liya jaega- aur na hi unki madad ki jaegi."

[Surah Baqarah:02: 48]

Mere bhayyon! Salaf swaliheen(رحمهم الله) aur hamare darmiyaan farq imaan mein kami beshi ka hai chunacha salaf jab qayamat kay baare mein baat karte ya suntay the tou unhay yu lagta tha ke goya wo qayamat ko apni ankhon se dekh rahe hain- phir wo Waajibat-e-Deen (Maslan: Namaz, Roza, Hajj, zakat aur bandon kay lazmi huqooq wagherah) ki adaegi kay sath sath nawafil mein bhi aik dusre se sabqat lejaane ki koshish karte the- Yu unkay imaan o yaqeen mein aur izafa hojata- lekin ham jab qayamat kay muta'lliq guftugu karte ya suntay hain tou goya aik aam sa mouzoo samjhkar kuch bhi muta'assir nahi hote aur nawafil mein aik dusre se sabqat lejaana tou kujaa hum tou Faraiz e illahi aur wajibat-e-deen ki adaegi mein bhi ghaflat barattay hain! Tou us soorat mein hamare imaan o yaqeen mein izafa kaise hosakta hai?

Hamari is ghaflat ka ilaj yeh hai ke ham maut ko ziyada se ziyada yaad karen, Qur'an-e- Majeed ki tilawat ma'ani quran mein tadabbur kay sath karen, Namaz mein Qur'an ki qiraat tarteel aur tawajjo kay sath karen, Har namaz mein aik do surton ko bar bar parhne ki bajaey mukhtalif surton ko poori tawajjo kay sath parhen, Allah Ta'aala ki azmat-o-kibraaee ko yaad karen aur uski nishaaniyon mein ghaur o fikar karen, masnoon tareeqay kay mutabiq bar bar qabristaan mein jaen aur apni aaqibat ki fikar karen.

Hamne Roz-e-Qayamat kay ba’az houlnaakiyon kay baare mein chand guzarishat pichlay khutbe mein aur chand guzarishat aj kay khutbe mein paish kiye- Main Allah Ta’aala se dua goh hon ke wo hamain in imaan walon mein shamil karday jinkay muta’lliq uska farmaan hai:

((نَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ إِذَا ذُكِرَ اللّٰہُ وَجِلَتْ قُلُوْبُہُمْ وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْہِمْ آيَاتُہُ زَادَتْہُمْ إِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّہِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ. الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاہُمْ يُنْفِقُوْنَ. أُوْلٰئِکَ ہُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا لَّہُمْ دَرَجَاتٌ عِنْدَ رَبِّہِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ))

“Bas imaan walay tou aise hotay hain ke Jab Allah Ta’aala ka zikar aata hai tou unkay dil dar jaatay hain aur jab Allah Ta’aala ki aayaatein unko padhkar sunae jaati hain tou wo ayaten unkay imaan ko aur ziyada kardeti hain- Aur wo log apnay Rab par hi tawaakkul karte hain jo ke namaz ki paabandi kartay hain aur hamne unko jo kuch diya hai wo usme se kharch karte hain- Sachay imaan walay tou yehi log hain- Unke liys unkay Rabb kay paas baray darjay hain aur maghfirat aur izzat ki rozi hai.”

[Surah Anfaal:08: 2-4]

Bradar-e-Islam! Alamat-e-Qayamat ka zuhoor, Barzakhi zindagi, Qabr ki sakhtiyaan, Qayamat kay din ki houlnaakiyaan, Aamaal ka wazan, pul siraat wagherah...Ye saare umoor agar ham par asar andaz nahi hotay aur hamari zindagi mein koi tabdeeli ronuma nahi hoti tou bateye phir kaunsi cheez asar andaaz hosakti hai? Yaqeenan ye aise umoor hain jinme nasihat hasil karne kay liye bohat kuch moujood hai bashartay kay koi nasihat hasil karnay ki koshish kare!

Lihaza hamain apni zindagi ko maut se pehle ghanimat tasawwur karna chaheye, sehat o tandrusti ko marz se pehle, jawaani ko burhaapay se pehle aur faraghat ko mashghuliyat se pehle ghanimat samjhtay huay naik aamaal karlena chaheye- kahin aisa na ho ke hamari zindagi ghaflat mein guzar jaey aur maut achaanak hamare darwazay par dastak de day- Tab sivae afsoos-o-nadamat aur pachtaway kay aur koi chaarae kaar na hoga- Wallahu musta’aan.